طریقۂ حج

مولانا ابوالکلام آزادؔ

اعتقاد پبلشنگ ہاؤس
۱۵۶۱ گلی کوتانہ سوئیوالان دہلی ۱۱۰۰۰۲

۷۸۶

فہرست مضامین

بار اوّل — ۱۹۸۸ء
باہتمام — اسعد حسین صدیقی
قیمت — ۵۰/-
طابع — زمزم پریس دہلی ۶

اختتام

اندر ایک صدائے اجتماع بلند ہوئی اور نسلِ انسانی کے منتشر افراد کا ایک نیا گھرانا آباد کیا گیا۔ انسانی اجتماع و یگانگت کی یہ پکار صرف اتنا ہی نہیں چاہتی تھی کہ ملکوں کی سرحدیں اور جغرافیہ کی حدیں ایک دوسرے سے قریب ہو جائیں بلکہ اس کا مقصد نسلِ انسانی کے بکھرے ہوئے دلوں اور برگشتہ روحوں کو ایک دوسرے سے جوڑ دینا تھا۔

اعتقاد روح کا ایمان - یہ پکار سنی گئی۔ کرۂ ارضی کے سارے گوشوں اور خشکی اور تری کی ساری راہوں سے اس پکار کی بازگشت بلند ہوئی انجن اور برق کی برق رفتار سواریوں کے ذریعہ نہیں، تار اور لاسلکی کے گاڑے ہوئے ستونوں پر سے نہیں بلکہ دل کے اعتقاد اور روح کے ایمان کے ذریعہ اس کی پکار سب نے سنی اور اس کی پکار کا جواب سب کی زبانوں سے نکلا۔

یہ اسلام کی پکار تھی، یہ اسلام کا فریضۂ حج تھا۔

انسانی اخوت کی اصلی صورت اس نے ملکوں کو اکٹھا کر دیا، قوموں کو جوڑ دیا، نسل اور زبان و مکان کے سارے تفرقے دور کر دیئے گورے کو کالے کے ساتھ اور بادشاہ کو فقیر بے نوا کے ساتھ ایک ہی مقام میں ایک ہی وضع و لباس میں ایک ہی صورت و اعتقاد کے ساتھ اس طرح جمع کر دیا کہ انسانی گمراہی کے بنائے ہوئے سارے امتیازات مٹ گئے۔ انسانی اُخوت و وحدت اپنی اصلی صورت میں بے نقاب ہوگئی۔

مقدمہ از مصنّف

قوموں اور ملکوں کا تفرقہ اور دلوں کی دُوری۔ موجودہ زمانے کی سب سے بڑی خصوصیت یہ بتلائی جاتی ہے کہ علوم و تمدّن کی ترقی اور سریع حرکت کے حیرت انگیز وسائل نے قوموں اور ملکوں کا تفرقہ دور کردیا ہے۔ بحر و بر کے ڈانڈے مل گئے ہیں، اور ساری دنیا ایسی ہوگئی ہے، جیسے ایک مُسلسل آبادی کے مختلف محلّے اور حصّے ہوتے ہیں!

لیکن اس پر بھی ہم دیکھ رہے ہیں کہ قوموں اور ملکوں کے مکان کا تفرقہ جس قدر کم ہوتا جاتا ہے، دل اور دماغ کا تفرقہ اتنا ہی بڑھتا جاتا ہے۔ جس قدر تیزی سے بیسویں صدی کی موٹریں اور طیارے دوڑ رہے ہیں اتنی ہی تیزی سے قوموں کے دل بھی ایک دوسرے سے برگشتہ ہو رہے ہیں۔

بکھرے دلوں کو جوڑنا۔ لیکن اب سے تیرہ سو برس[1] پہلے جب دنیا موجودہ زمانے کے تمام وسائل قربِ اجتماع سے محروم تھی، بحر احمر کے کنارے ریگستانِ عرب کے وسط میں حجاز کی چٹیل اور بے زراعت وادی کے

---

[1] سب سے پہلے مرتبہ یہ مقالہ ۲۴ جون ۱۹۲۷ء کو شائع ہوا۔

افغانی کی بڑی سی پگڑی ہے، ان کے پیچھے ایک گروہ یعنی عربوں کا سرخ جبتے پہنے جا رہا ہے اور ان کے ساتھ اقصائے افریقہ کا ایک جزائری بربر ہنس ہنس کر باتیں کر رہا ہے۔ تیسری طرف دو حبشی کھڑے ہیں اور ایک مصری طربوش ان کے پیچھے نظر آ رہی ہے۔ اگر ان تمام قوموں کی آبادیاں جغرافیہ کے نقشہ میں ڈھونڈی جائیں تو کیسے کیسے عظیم سمندر اور بے کنار صحرا ان میں حائل نظر آئیں گے۔ لیکن یہاں ان سب کو جمع کر دیا گیا ہے۔ سال کے اس موسم میں خود بخود دنیا کے تمام گوشے اس جگہ یکجا ہو جاتے ہیں۔ کیا آج دنیا کے کسی حصہ میں بھی ایسا منظر نظر آ سکتا ہے؟ کیا اس منظر سے بھی بڑھ کر کوئی منظر ہے جو انسانی اجتماع کی ایک عجیب و غریب قوت کا پتہ دے؟ میں سوچ رہا ہوں کہ کس کے ہاتھوں میں اس رشتہ کا سرا ہے۔ جس سے بحر و بر کے یہ تمام گوشے کھینچ لئے جا سکتے ہیں ۔۔؟"

اسلام کے ہاتھ میں! ۔۔ چھٹی صدی کے صحرا ۔۔ عرب کا اسلام آج بھی انسانی اخوت کی سب سے بڑی زندہ قوت ہے۔

جدّہ سے خط۔ (ایک صاحب ۱۳۵۴ھ کا اجتماع دیکھ کر جدّہ سے رقمطراز ہیں)

"آج کل بحر احمر کا یہ ساحلی مقام تمام کرۂ ارضی کے انسانوں کا مرکز بن گیا ہے۔ خشکی اور تری دونوں راہوں سے قوموں اور ملکوں کے قافلے پہنچ رہے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جدّہ کی زمین شق ہو گئی ہے اور انسانوں کے انبوہ اُگل رہی ہے۔"

.... ایک دن میں نے مغرب کی نماز ساحل کی ریگ پر ادا کی، جہاں بعض رؤسائے جدہ نے کلب کیطرح ایک روزانہ اجتماع "نادی الصلوٰۃ" کے نام سے قائم کر رکھا ہے۔ نماز کے بعد جب میں لوٹا اور بازار کے قریب پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ برطانوی نمائندے کے اسٹاف کے چند انگریز کھڑے بازار کے نظارے میں غرق ہیں۔ ان میں ایک شخص رابرٹسن نامی تھے جن سے میں ایک دو مرتبہ مل چکا تھا۔ میں نے ان سے پوچھا: "آپ کس چیز کے نظارے میں اس قدر دلچسپی لے رہے ہیں۔؟" انہوں نے کہا۔

انسانی اخوت کی زندہ قوت۔ "دیکھو یہ ہندوستانیوں کا گروہ ہے یہ پانچ پست قد جاوی کھڑے ہیں۔ ان کے ساتھ ایک چینی کی منگولین صورت دکھائی دے رہی ہے۔ دوسری طرف ایک ترکستانی کی سیاہ ٹوپی اور

خُدا پرستی کا پہلا مقدس گھر۔ یہ پہلا گھر تھا جو خدا کی پرستش کیلئے بنایا گیا اور آج بھی دنیا کے تمام بحر و بر میں صرف وہی ایک مقدس گوشہ ہے جو اولیاء الشیطان و اصحاب النار کی لعنت سے پاک ہے اور صرف خدا کے دوستوں اور اس کی محبت میں دکھ اٹھانے والوں کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہے۔

دُور دراز ملکوں سے اجتماع کی وجہ۔ سمندروں کو عبور کر کے، پہاڑوں کو طے کر کے، کئی کئی مہینوں کی مسافت چل کر دنیا کی مختلف نسلوں۔ مختلف رنگتوں۔ مختلف بولیوں کے بولنے والے اور مختلف گوشوں کے باشندے یہاں جمع ہوتے ہیں۔ اس لئے نہیں کہ سلافی یا ٹیوٹانک نسل کی باہمی عداوتوں سے دنیا کے لئے لعنت بنیں۔ اس لئے نہیں کہ ایک انسانی نسل دوسری نسل کو بھیڑیوں کی طرح پھاڑ دے اور اژدہوں کی طرح ڈسے۔ اس لئے نہیں کہ خدا کی زمین کو اپنے ابلیسی غرور اور شیطانی سیادت کی نمائش گاہ بنائیں۔ اس لئے نہیں کہ تیس تیس من کے گولے پھینکیں اور سمندر کے اندر ایسے جہنمی آلات رکھیں جو منٹوں اور لمحوں میں ہزاروں انسانوں کو نابود کر دیں بلکہ تمام انسانی غرضوں اور مادی خواہشوں سے خالی ہو کر اور ہر طرح کے نفسانی ولولوں اور بہیمی شرارتوں کی زندگی سے ماوراء ہو کر جا کر صرف اس خدائے قدوس کو پیار کرنے کیلئے اس کی راہ میں دکھ اٹھانے اور مصیبت سہنے کے لئے اور اس کی محبت و رأفت کو پکارنے اور بلانے کیلئے جس نے اپنے ایک قدوس دوست کی دعاؤں کو سنا اور قبول کیا جبکہ تیکی کا

باب ۱

یوم الحج کا ورودِ مقدس

فصل ۱

خدائے قدوس کی یاد و پکار

عشق الٰہی کا سب سے بڑا گھرانا۔ آج[1] ذوالحجہ کی پہلی تاریخ ہے اور ایک ہفتہ کے بعد تاریخ عالم کا وہ عظیم الشان روز طلوع ہونیوالا ہے جس کے آفتاب کے نیچے کرۂ ارضی کے ہر گوشے کے لاکھوں انسان اپنے خداوند کو پکارنے کیلئے جمع ہونگے اور ریگستان عرب کی ایک[2] برگ و گیاہ وادی کے اندر خدا پرستی و عشق الٰہی کا سب سے بڑا گھرانا آباد ہوگا۔

اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ (۲۲-۴۱)	وہ لوگ کہ اگر انہیں زمین میں قائم کردے تو انکا کام صرف یہ ہوگا کہ صلوٰۃ الٰہی کو قائم کریں زکوٰۃ ادا کریں نیکی کا حکم دیں اور برائیوں سے روکیں۔

---

[1] ۲۰ اکتوبر ۱۹۱۴ء کو سب سے پہلی مرتبہ یہ تحریر شائع ہوئی جس سے مراد یکم ذی الحج ۱۳۳۲ھ ہے۔

سے نکل آئے ہیں جو سبعیت و خونخواری میں درندوں کے بھٹ اور سانپوں کے غاروں سے بھی بدتر ہے۔ اور جہاں ایک انسان دوسرے انسان کو اس طرح چیرتا پھاڑتا ہے کہ آجتک نہ تو سانپوں نے کبھی اس طرح ڈسا اور نہ جنگلی سوروں نے کبھی اس طرح دانت مارے؟ کیا یہ اسی نسل اور گھرانے کے لوگ ہیں جس نے خدا کے رشتوں کو یکسر کاٹ ڈالا۔ اور اس طرح اس کی طرف سے منہ موڑ لیا کہ اس کی بستیوں اور آبادیوں میں خدا کے نام کے لئے ایک آواز اور ایک سانس بھی باقی نہ رہی؟ آہ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر یہ کون ہیں اور کہاں سے آتے ہیں؟ یہ قدوسیوں کی سی معصومیت۔ فرشتوں کی سی نورانیت اور سچے انسانوں کی سی محبت ان میں کہاں سے آگئی ہے؟

سب کے ماحول کی ہمہ گیر یکسانیت ۔ تمام دنیا نسلی تعصبات کے شعلوں میں جل رہی ہے، مگر دیکھو یہ دنیا کی تمام نسلیں کس طرح بھائیوں اور عزیزوں کی طرح ایک مقام پر جمع ہیں اور سب ایک ہی حالت ایک ہی وضع ایک ہی لباس ایک ہی قطع، ایک ہی مقصد اور ایک ہی صدا کے ساتھ ایک دوسرے سے جڑے ہوتے ہیں؛ سب خدا کو پکار رہے ہیں۔ سب خدا ہی کیلئے حیران و سرگشتہ ہیں۔ سب کی عاجزیاں اور درماندگیاں خدا ہی کے لئے ابھر آئی ہیں، سب کے اندر ایک ہی لگن ایک ہی ولولہ ہے سب کے سامنے محبتوں اور چاہتوں کیلئے اور پرستشوں اور بندگیوں کے لئے ایک ہی محبوب و مطلوب ہے اور جبکہ تمام دنیا کا محور عمل نفس و ابلیس ہے تو

گھرانا آباد کرنے کیلئے اور امن وسلامتی اور حق و عدالت کی بستی بسانے کے لیے اس نے اپنے خدا کو پکارا تھا کہ

رَبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي
بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِندَ بَيْتِكَ
الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُوا الصَّلَاةَ
فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ
تَهْوِي إِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُم مِّنَ الثَّمَرَاتِ
لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُونَ۔

(۱۴-۳۷)

اے پروردگار میں نے [illegible] گھر کے پاس ایک ایسے بیابان میں جو بالکل بے برگ ہے، اپنی نسل لا کر بسائی ہے تاکہ یہ لوگ تیری عبادت کو قائم کریں۔ سو تو ایسا کر کہ انسانوں کے دلوں کو ان کی طرف پھیر دے اور ان کے رزق کا بہتر سامان کر دے تاکہ وہ تیرا شکر کریں۔

فصل ۲

مقدس گھرانے کا معنوی تصور

کس بستی کے باشندے؟

آؤ! ہم ذرا اُن کی اُن عجیب و غریب ہستیوں کا تصور کریں، یہ کون لوگ ہیں اور کس پاک بستی کے بسنے والے ہیں [illegible] کی زمین کے فرزند ہیں جو خون اور آگ کی لعنتوں سے بھر گئی، اور [illegible] بربادیوں اور ہلاکتوں ہی کے لیے زندہ رہی؟ کیا یہ اسی آبادی

دعاؤں سے نشوونما پائی جو صرف دعاؤں ہی کیلئے قائم کیا گیا۔ جس کی ترکیب بھی اول سے لیکر آخر تک دعاؤں کے ہی مناسک سے ہوئی اور جو دعاؤں ہی کی لازوال طاقت سے قائم ہے ۔۔۔ سب سے پہلی دعا وہ تھی جو اس گھر کی بنیاد رکھتے ہوئے خدا کے دو قدوس دوستوں کی زبان پر جاری ہوئی۔

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۔ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (۲: ۱۲۸-۱۲۹)	اے پروردگار! ہمیں اپنا اطاعت شعار بنا اور ہماری نسل سے ایک امت پیدا کر جو تیری مومن و مسلم ہو اور ہمیں اپنی عبادت کے طریقے بتلا دے۔ اور ہماری توبہ قبول کر لے۔ تو تو بہت ہی توبہ قبول کرنے والا ہے اور پھر اے پروردگار! ہماری نسل میں ایک اپنا رسول مبعوث کر جو اس کے آگے تیری آیتیں پڑھ کر سنائے اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دے۔ اور ان کے اخلاق کا تزکیہ کر دے۔

قبولیت دعا۔ سر بیابان حجاز کے قدوس لم یزل نے یہ دعا قبول کر لی اور اپنی اس امتِ مسلمہ کو پیدا کیا جو فی الحقیقت وجود ابراہیم کے اندر پنہاں تھی۔

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا (۱۶: ۱۲۰)	بیشک حضرت ابراہیم خلیل اپنے وجود واحد کے اندر ایک پوری قوم اور خدا پرست امت تھے۔

یہ گھرانہ در حقیقت دنیا کی امامت اور ارض الٰہی کی وراثت کے لئے آباد کیا گیا تھا اور اس کا عہد و میثاق روز اول ہی بندھ گیا تھا۔

یہ سب صرف خدا کے عشق و محبت میں خانہ ویران ہیں۔ اور جنگلوں اور دریاؤں کو قطع کر کے دیوانوں اور بے خودوں کی طرح یہاں اکٹھے ہوتے ہیں۔ انہوں نے نہ صرف دنیا کے مختلف گوشوں کو چھوڑا، بلکہ دنیا کی خواہشوں اور ولولوں سے بھی کنارہ کش ہو گئے۔

دل سوختہ لوگوں کی بستی۔ اب یہ ایک بالکل نئی دنیا ہے جس میں صرف عشق الٰہی کے زخمیوں اور سوختہ دلوں کی بستی آباد ہوئی ہے۔ یہاں نہ نفس کا گزر ہے جو غرور بہیمی کا مبداء ہے اور نہ انسانی شرارتوں کو بار مل سکتا ہے جو خونریزی اور ظلم و سفاکی میں کرۂ ارضی کی سب سے بڑی درندگی ہے۔

رازِ نیاز عبد و معبود۔ یہاں صرف آنسو ہیں جو عشق کی آنکھوں سے بہتے ہیں، صرف آہیں ہیں جو محبت کے شعلوں سے دھوئیں کی طرح اٹھتی ہیں صرف دل سے نکلی ہوئی صدائیں ہیں جو پاک دعاؤں اور پاک نداؤں کی صورت میں زبانوں سے بلند ہو رہی ہیں اور ہزاروں سال پیشتر کے عہد الٰہی اور رازِ نیاز عبد و معبودی کو تازہ کر رہی ہیں:- لبیک، اللّٰھم لبیک، لاشریک لک لبیک!

سیر روحانیاں داری ولے خود را ندیدستی ÷ بجواب خود درآ تا قبلۂ روحانیاں بینی!

فصل ۳

روحانی مجمع کی تاریخ حیات

قدوس دوستوں کی دعاء۔ یہ وہ مجمع ہے جسکی بنیاد دعاؤں نے ڈالی جسنے

اجتماع لاہوتی کا ظہور پس دعاؤں کا یہ اجتماع لاہوتی۔ امتِ مسلمہ کا یہ مجمع مبارک اور روحانیت مقدسہ ابراہیمیہ کا یہ مظہر عظیم و جلیل قریب ہے کہ اسی بیابانِ حجاز میں ظہور کرے جہاں خدا نے ابراہیم و محمد (علیہما السلام) نے امامت و خلافت الہٰی کے لئے اولین دعا کو سنا اور پھر ہمیشہ دعاؤں کے سننے اور اپنی پکاروں اور نداؤں کے بلند ہونے کے لئے اسے برگزیدہ کر دیا۔

فصل ۴

تصور کوچ تیسری ذی الحج

روحانیت عظمیٰ۔ جس وقت ... ذی الحجہ کی تیسری تاریخ ہو گی زوہرہ، بادیہ نوردانِ عشق آبادیِ حجاز کے قافلے کوچ کے لئے تیار ہوں گے اس وقت کا تصور کہ وہ کیسا وقت عظیمہ ہو گا۔ جبکہ لاکھوں انسانوں کے اندر سے اسوۂ ابراہیمی کی روحانیت عظمیٰ اپنے خداوند کو بیقرارانہ پکارے گی اور اک مقدس عہد و میثاق کا رشتہ تازہ ہوگا؟ لاکھوں سر ہونگے جو بیقرارانہ خداوند کے حضور جھکائے جائیں گے۔ لاکھوں پیشانیاں ہوں گی جو اسی کی چوکھٹ پر گرائی جائیں گی لاکھوں دل ہونگے جو اسی کے نظارۂ جمال کے عشق میں ڈوب جائیں گے اور لاکھوں زبانیں ہوں گی جن سے اس کے حضور میں دعائیں نکلیں گی۔

طاعت شعاروں کی سرفرازی ظالموں کی محرومی۔ پس اس مقدس دعا کی قبولیت نے امت مسلمہ کو بھی قائم کیا اور دنیا کے تزکیہ اور تعلیم کتاب و حکمت کے لئے سلسلۂ ابراہیمی کے آخری رسول کو بھی مبعوث کیا۔ نیز جو امامت و پیشوائی اور خلافت فی الارض حضرت ابراہیم خلیل (علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام) کو دی گئی تھی۔ اس کی وراثت ان کی ذریت و نسل ٹھہرائی گئی۔ البتہ بموجب اپنے عہد کے ظالموں کو اس سے محروم کر دیا گیا۔ اس نسل کے جو لوگ اپنے نفس و روح کیلئے ظالم ہوئے اور خدا کے مقدس نوشتوں کی اطاعت سے سرکشی کی۔ ان سے وہ امامت موعودہ بھی چھین لی گئی اور خلافت موہوبہ سے بھی محروم کر دیئے گئے کہ "لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ!"

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ أَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ (۱۹ - ۵۹)

پھر ان کے بعد وہ لوگ ان کے جانشین ہوئے جنہوں نے صلوٰۃ الٰہی کو ترک کر دیا اور اپنی نفسانی خواہشوں کے بندے ہو گئے۔

اقبال مندی اور تصویر نامرادی۔ یہ دعاؤں کا وعدہ تھا جس کا ظہور ہماری اقبال مندی و کامرانی کی تاریخ ہے۔ اور اسی طرح یہ دعاؤں ہی کی ایک وعید بھی تھی جس کی شرائت اور محرومیاں ہماری برگشتگی اور درماندگیوں کا ماتم ہیں وہ ہم ہی تھے جو اِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا کے وارث ٹھہرائے گئے تھے، اور ہم ہی ہیں جو آج لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ کی تصویر نامرادی ہیں۔

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ! (۳ - ۱۸۲ / ۸ - ۵۱)

یہ سب کچھ ان اعمال کا نتیجہ ہے جو خود انہوں نے اختیار کئے ورنہ خدا نے کرم تو اپنے بندوں کیلئے کبھی بھی ظالم نہیں ہو سکتا۔

نصب العین مومن۔ ہاں، ہر مومن کو چاہیئے کہ وہ یکسر دعاؤں میں ڈوب جائے۔ اور ان مقدس ایّام کے اندر صدق دل سے توبہ کرے اور اپنے خداوند سے اپنا معاملہ درست کرلے ـــ یہ بڑا ہی سخت وقت ہی جسکی نوشتہ الٰہی میں خبر دیگئی تھی۔ وہ وقت موعودہ اپنی تمام ہولناکیوں کے ساتھ آگیا ہے اور زمین اپنے گناہوں کی پاداش میں الٹ دی گئی ہے۔ پس توبہ کرو اور اس کے سامنے اپنی سرکشیوں کا سر مجرموں کی طرح ڈال دو، اور تڑپ تڑپ کر وہ سب کچھ مانگو جسکو تمہارا دل چاہتا ہے مگر تمہارے اعمال اس کے سزاوار نہیں ہیں۔

نفس پرستوں کا گوسالہ۔ تم اس کے حضور حج کے دن اور عید کی صبح کو جبکہ خلیل اللہ نے اپنے بیٹے کی گردن پر چھری رکھی تھی، مسکینوں اور لاچاروں کی طرح گر جاؤ۔ اپنی سرکشیوں اور نفس پرستیوں کے گوسالہ کو ذبح کردو۔

فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَکُمْ بِاتِّخَاذِ کُمُ الْعِجْلَ۔ (۲: ۵۴) | تم نے بچھڑے کو معبود ٹھہرالیا تھا لہٰذا اب اس کی پاداش میں اپنے نفسوں کو قتل کرو۔

اور گڑگڑا کر دعا مانگو کہ خداوندا، زمین کی سب سے بڑی مصیبت انسانی معصیت کے سب سے بڑے عذاب اور انقلاب اقوام و ملل کے سب سے زیادہ مہیب موسم کیوقت، ابراہیم و اسمٰعیل کی ذریت کو نہ بھلائیو اور ان کے گناہوں کو معاف کردیجیو ـــ!

فصل ۶

عید کے دن کی یاد

جمالِ عالم آراء کا جلوہ۔ پھر اس وقت ایسا ہوگا کہ دریائے محبّتِ الٰہی جوش میں آئیگا ملائکہ مقربین اس کے خلوت وصال کو اس کے دوستوں کیلئے خالی کر دینگے اور وہ اپنے جمالِ عالم آراء کے جلوے سے اس تمام محشرِ عشق وطلب کو ڈھانپ لے گا۔

وقتِ عظیم کی غنیمت شماری۔ سوچا ہئیے کہ اس وقتِ عظیم وجلیل اور ایامِ الاہیہ مخصوصہ کے حصول کو غنیمت سمجھو اور تم خواہ کہیں ہو اور کسی حال میں ہو، لیکن اپنی تمام قوتوں اور تمام جذبوں سے کوشش کرو کہ تمہاری دعائیں بھی ان دعاؤں کے ساتھ شامل ہو جائیں اور تمہاری بے تابیاں اور بے قراریاں بھی ٹھیک اسی وقت خدا کے حضور رحمت طلب ہوں کہ یہ وقت پھر میسر نہ آئیگا۔

فصل ۵

وقت کی اہم ترین ضرورت

اختتام روزِ ہجر اور عہدِ وصال کا آغاز۔ دنیا انقلاب و تجدد کے ایک مہیب دور سے گذر رہی ہے اور نئے موسم کی علامتوں نے ہر طرف طوفانوں اور بجلیوں کی ایک قیامت برپا کر دی ہے۔ ممکن ہے کہ روزِ ہجر ختم ہونے والا اور عہدِ وصال کی ایک نئی رات شروع ہونیوالی ہو پس ضرور ہے کہ دن بھر جن لوگوں نے غفلت کی ہے وہ عین شام کے وقت غفلت نہ کریں، کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ شام آگئی ہے اور چراغوں کا انتظام کرنا چاہیئے۔

ہم تجھ سے ہمیشہ بھاگے ہیں مگر اب ہم تیری طرف لوٹ آئیں گے، کیونکہ ہمیں کہیں پناہ نہ ملی امن وہدایت کی صدائے بازگشت۔ تو ہمیں نیکی اور صداقت کیلئے چن لے اور اپنی ہدایت وعدالت کی تبلیغ کا بوجھ پھر ہماری گردنوں پر ڈال، دنیا آج انتہائے ترقی کے بعد بھی امن کیلئے ایسی ہی تشنہ ہے جیسی ظہور صداقت کبریٰ کے اولین جہالت میں تھی۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (۷ - ۲۳)

اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کیا۔ اگر تو نے ہمارا قصور نہ بخشا اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو ہمارے لئے بربادی کے سوا کچھ نہیں!

اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۳ - ۲۶)

خدایا! شاہی جہانداری کے مالک، تو جسے چاہے، ملک بخش دے جس سے چاہے ملک لے لے۔ جسے چاہے عزت دے جسے چاہے ذلیل کر دے، تیرے ہی ہاتھ میں ہر طرح کی بھلائی کا رشتہ ہے اور تیری قدرت سے کوئی چیز باہر نہیں۔

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (۶۰ - ۴ - ۵)

اے ہمارے پروردگار، ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا ہے تیری ہی طرف رجوع کرتے اور پھر تیری ہی طرف ہمیں لوٹ کر جانا ہے۔ پروردگار ہمیں کافروں کا تختۂ مشق نہ بنانا۔ پروردگار ہمیں بخش دے بیشک تو ہی غالب حکمت والا ہے۔

دُعائے انابت - علی الخصوص عید کے دن جب اُس کے حضور کھڑے ہو تو اپنے گناہوں کو یاد کرو۔ تم میں ایک روح بھی ایسی نہ ہو جو تڑپتی نہ ہو اور ایک آنکھ بھی ایسی نہ ہو جس سے آنسوؤں کے چشمے نہ بہہ رہے ہوں یاد رکھو کر دل کی آہوں اور آنکھوں کے آنسوؤں سے بڑھ کر اُس کی درگاہ میں کوئی شفیع نہیں ہو سکتا پس جس طرح بھی ہو سکے اپنے خدا کو راضی کرو اور اسے منالو، کیونکہ تم نے اپنی بدعملیوں سے اُسے غصہ دلایا اور اس کے پاک حکموں کی پرواہ نہ کی۔ اور تم یوں پکار و کہ" اے ابراھیم اور اسمٰعیل کے خداوند، اور اے رسولِ امیؐ کے پروردگار! ہمنے تیرے عہد کی پرواہ نہ کی اور اپنی بداعمالیوں سے تیری مقدس زمین کو ملوث اور گھنونا کر دیا۔ لیکن اب ہم اپنی سزاؤں کو پہنچ چکے ہیں اور ہم نے بڑے سے بڑا دکھ اٹھالیا ہم مثل یتیم لڑکوں کے ہو گئے ہیں، جن کے والدین کو اُن سے جدا کر دیا گیا ہو، کیونکہ ہمارا خدا ہم سے راضی نہ رہا اور ہم غمگینی اور رسوائی کیلئے چھوڑ دیئے گئے۔ پر اے حیّ و قیوم! اب ہم پر رحم کر۔ ہمارے قصوروں کو معاف کر، اور ہم سے منہ نہ موڑ گو ہماری خطائیں بیشمار ہیں، لیکن ہم سب تیرے ہی نام لیوا کہلاتے ہیں اور تیری راہ میں دکھ اٹھانے کے لئے تیار ہیں۔! ؎

اگر نہ بہر منؐ، از بہر خود عزیزم دار
کہ بندۂ خوبی او خوبیٔ خداوند است

تو نہ ہم کو بھول جا - اے ستّار و توّاب الرحیم! کیا ہمارا غم دائمی ہے؟ کیا ہمارے خزاں کیلئے کبھی بہار نہیں؟ اور کیا ہمارے زخم کے لئے کوئی مرہم نہ ہوگا؟ اے نسلِ ابراھیمی کے امیدگاہ! تو ہمیشہ کیلئے ہمیں نہ بھول اور ہمیں اپنی طرف لوٹا لے

فصل

رحمتِ باری کی فراوانی کا دن

تلاشِ مومنِ قانت اور دعوت الی اللہ (یوم الحج کا طلوعِ مقدس)

سال بھر میں عالم اسلامی کیلئے یہ ایک ہی موقع تنبیہٗ افکار و ایقاظِ ہمم و تحریکِ قلوب و استقبالِ وجود و احیاءِ ارواح و ذہاب الی اللہ کا آتا ہے جو فی الحقیقت دینِ الٰہی کے تمام آمال و اعمال کا مرکز و محور اور حلقہ بگوشانِ ملّتِ حنیفی کیلئے مبداءِ تجدّد و انقلاب ہے۔ جبکہ خدا اور اس کے بندوں کے درمیان کوئی حجاب باقی نہیں رہتا۔ جبکہ اس کے حریمِ وصال کے دروازے کھل جاتے ہیں جبکہ اس کی رحمت و نصرت کے ملائکہ متو بین ایک ایک مومنِ قانت اور مسلمِ مخلص کے دل کو ڈھونڈھتے ہیں اور اسے خدا کی طرف لوٹ آنے کی دعوت دیتے ہیں کہ

یَا عِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ط

(۳۹ - ۵۳)

اے میرے غافل بندو کہ تم نے عہد عبودیت و نیاز کو توڑ کر خود اپنے اوپر ظلم کیا ہے۔ اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ خواہ تمہاری بداعمالیاں کیسی ہی سخت ہو رہی ہوں، بایں ہمہ اگر اب بھی توبہ و انابت کا سر جھکا دو تو میں تمہارے تمام جرموں کو بخش دوں گا کیونکہ میں بہت ہی بخشنے والا اور رحم فرما ہوں!

رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ (۲-۲۵۰)

اے پروردگار ہم پر صبر انڈیل دے اور اپنی راہ میں ثابت قدمی عطا کر اور پھر ایسا کر کہ منکرین حق کے گروہ پر ہم فتحمند ہو جائیں۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ (۱۰-۸۵)

پروردگار ہمیں اس گروہ کے لئے آزمائشوں کا موجب نہ بنائیو بلکہ اپنی رحمت سے ایسا کیجو کہ اس کافر گروہ کے پنجہ سے نجات پا جائیں۔

رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَأَهُ زِيْنَةً وَّأَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰى أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيْمَ (۱۰-۸۸)

خدایا، تونے فرعون اور اس کے سرداروں کو اس دنیا میں زیب و زینت کی چیزیں اور مال و دولت کی شوکتیں بخشی ہیں تو خدایا! کیا یہ اس لئے ہے کہ تیری راہ سے یہ لوگوں کو بھٹکائیں۔ خدایا ان کی دولت زائل کر دے اور انکے دلوں پر مہر لگا دے کہ اس وقت تک یقین نہ آئے جب تک عذاب دردناک اپنے سامنے دیکھ نہ لیں

رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِيْنَ دَيَّارًا (۷۱-۲۶)

خدایا! منکرین حق کا ایک گھر بھی زمین پر بسنے نہ پائے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ۔

(۳-۸)

اے پروردگار! ہمیں سیدھے راستے لگا دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ڈانواں ڈول نہ کر اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، یقیناً تو ہی ہے کہ بخشش میں تجھ سے بڑا کوئی نہیں۔

اور سمندروں سے مچھلیاں غم کرنے کیلئے اچھل پڑیں، جب بھی اس کا ماتم ختم نہ ہوگا۔۔۔۔۔ کیونکہ تمہارا ماتم تمام دنیا کا ماتم ہے، اور چراغ کے بجھنے کا رونا چراغ پر رونا نہیں ہے۔ بلکہ گھر کی تاریکی پر رونا ہے۔ تم دوسروں کی بیداری کے افسانے سن کر ترانہ سنج مدح و ثنا ہوتے ہو۔ مگر اپنے بخت خفتہ و طالع گم گشتہ کو نہیں ڈھونڈتے کہ وہ کہاں گم ہوگیا ہے ---؟

فاہ، آہ، ثم آہ، علیٰ ما فرطتم فی جنب اللہ

درازیٔ شب و بیداریٔ من ایں ہمہ نیست ... زبختِ من خبر آرید تا کجا خفتہ است؟

فصل

خدائے قدوس سے صلح

نصرت خداوندی کی دامنگیری۔ جو جنگ تم میں اور تمہارے پروردگار کے درمیان جاری ہے اس کی صلح کی کوئی تدبیر نکالو۔ اگر تم نے اس سے صلح کرلی تو پھر اس کی تمام دنیا میں کوئی بھی نہیں ہے جو تم سے برسرِ پیکار ہوگا ---

اِنْ یَّنْصُرْکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمْ وَاِنْ یَّخْذُلْکُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ | اگر اللہ تمہیں غلبہ و نصرت عطا فرمائے تو پھر تم پر کوئی دنیوی طاقت غالب نہیں آسکتی لیکن

من لہ المولیٰ فلہ الکل

گر کافر و گبر و بت پرستی باز آ | باز آ باز آ، ہر آنچہ ہستی باز آ
صد بار اگر توبہ شکستی باز آ | ایں درگہِ ما درگہِ نومیدی نیست

محرومی از برکات وقت عجیب۔ اے عزیزانِ غفلت شعار۔ اے بقیۂ ماتم گزارانِ قافلۂ ملت! تمہاری غفلتوں پر حسرت۔ تمہاری سرشاریوں پر صد افسوس اور تمہاری عزائم فراموشیوں پر صد ہزار آہ و ماتم۔ اگر تم اس وقت عظیم و عجیب کی برکتوں سے محروم رہو (اور اگر) تم اپنے دلہائے مجروح اور ارواح مضطر کو خونباری و جبلہ ریزی کے لئے تیار نہ کرو۔

جنگ اور صدیوں کی جنگ ۔ تم کو اس جنگ کی بھی کچھ خبر ہے جو دنیا کی سب سے بڑی ضعیف ہستی اور سب سے بڑی لازوال طاقت کے درمیان صدیوں سے جاری ہے۔ جو تم میں اور تمہارے خدائے قاہر و قیوم میں برپا ہے۔ جس میں آج تک کسی بڑی سے بڑی قوت نے بھی فتح نہ پائی اور جس کی آخری شکست بڑی ہی الیم و معذب ہے۔

تم اس فاطر السموٰات والارض کی لا یزال و لم یزل طاقت پر ایمان نہیں لاتے۔ تم کو یاد نہیں آتا کہ تم اس شہنشاہ ارض و سما سے سرکش ہو گئے ہو، جو اپنی ایک نگہِ متنبہ سے تمام نظام ارضین و سماوات کو الٹ دے سکتا ہے۔

بخت خفتہ و طالع گم گشتہ۔ آہ تمہاری غفلتوں پر اگر آسمان روئے اور زمین ماتم کرے، اگر مرغانِ ہوائی فغاں سنج ہوں

کے تذکار عظیمہ کو ہمیشہ کے لئے زندہ رکھتا۔ اور عالمِ ایمان اسلام کو اس کی طرف دعوت دیتا ہے۔؟

اگر چشم حقیقت باز اور سامعۂ بصیرت وا ہو، تو اس ابراہیم کدۂ حجاز کا ایک ایک ذرّہ آج اس واقعۂ کبریٰ اور آیت عظمیٰ کا افسانۂ حقیقت بیان کر رہا ہے۔ اور ملاء اعلیٰ اور عالم قدس کا ایک ایک گوشۂ عشق ابراہیمی و ایثار اسمٰعیلی کے غلغلہ روحانیت سے گونج رہا ہے۔ ؎

شدیم خاک ولیکن بوئے تربتِ ما ❊ تواں شناخت کزیں خاک مردمی خیزد

وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِنْ رَحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا (۱۹ . ۵۰)	ان میں سے ہر ایک کو ہم نے نبوت دی تھی، اور اپنی رحمت کی بخشش سے سرفراز کیا تھا۔ نیز ان سب کے لئے سچائی کی صدائیں بلند کر دیں (جو کبھی خاموش ہونے والی نہیں)

فدیۂ ذبح عظیم۔ یہ دراصل حقیقت اسلامی کی اس عظیم الشان قربانی کی یادگار ہے جو حضرت ابراھیم علیہ السلام نے اپنے جذبات و محبت ماسوی اللہ کی اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے اپنی جان و نفس کی ٹھیک اسی ریگستان میں کی تھی ـــ اور جو تمام نسلِ ابراہیمی و اسمٰعیلی

يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ (۳-۱۶۰) اگر وہی نہیں ٹھکرا دے تو پھر دنیا میں کون ہے جو خدا کے بعد تمہاری مدد کر سکتا ہے؟

پس اللہ ہی کی ذات ہے جس پر اہل ایمان بھروسہ کرتے ہیں۔

آتشکدۂ محبت کا اشتعال۔ تم ایک نظر میدان عرفات و منا کے اس سرو پا برہنہ گروہ پر ڈالو، جو سلانی یا ٹیوٹانیک نسل کی مسابقت کے لئے نہیں بلکہ کلمۂ حق کی عظمت اور خدائے واحد کی پرستش و محبت کے لئے جمع ہو رہا ہے۔

اللہ کے خوف اور اس کی جستجو نے خود ان کے اندر ایک آتشکدۂ محبت مشتعل کر دیا ہے اور اس کا دھواں والہانہ صداؤں اور بیقرارانہ فریادوں کی صورت میں ان کی زبانوں سے اٹھ رہا ہے ؎

جمال کعبہ مگر عذر رہرواں خواہد
کہ جانِ خستہ دلاں سوخت در بیابانش

فصل ۹

تذکار اسوۂ ابراہیمی

عشق و ایثار کی گونج۔ اور دیکھو یہ مجمع مقدس و الٰہی کس واقعۂ کبریٰ کی یادگار ہے، اور کس عہد و میثاق خداوندی

جس کی ہر مسلمان شوق و ذوق سے تیاری کرتا ہے۔ فی الحقیقت اسلام کی حقیقت اعلیٰ کی ایک تمثیل ہے جسکے پردے میں بتلایا گیا ہے کہ ایمان باللہ کا دار و مدار رشتہ ربانی اور خون شہادت پر ہے اور جب تک یہ مقام قربانی الی اللہ اور جہاد فی سبیل اللہ حاصل نہ ہو، اس وقت تک کوئی ہستی مومن و مسلم نہیں ہو سکتی!

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ

(۹: ۲۴)

(اے پیغمبر!) مسلمانوں سے کہدے۔ اگر ایسا ہے کہ تمہارے باپ، تمہارے بیٹے، تمہارے بھائی تمہاری بیویاں، تمہاری برادری، تمہارا مال جو تم نے کمایا ہے، تمہاری تجارت جس کے مندا پڑجانے سے ڈرتے ہو۔ تمہارے رہنے کے مکانات جو تمہیں اس قدر پسند ہیں یہ ساری چیزیں تمہیں اللہ سے، اُسکے رسول سے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیاری ہیں (تو کلمۂ حق تمہارا محتاج نہیں) انتظار کرو۔ یہاں تک کہ جو کچھ خدا کو کرنا ہے وہ تمہارے سامنے لے آئے۔ اور اللہ تعالےٰ کا مقررہ قانون ہے کہ وہ فاسقوں پر کامیابی و سعادت کی راہ نہیں کھولتا۔

کی روحانی قربانی کے فدیہ کے بعد قبول کر لی گئی کہ فی الحقیقت یہی فدیہ ذبح عظیم تھا۔

فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ، وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ! قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا، اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ، وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ۔

(۳۷ - $\frac{۱۰۳}{۱۰۷}$)

اور جبکہ حضرت ابراھیمؑ اسمٰعیل دونوں پر اطاعت وفدویت اسلامی طاری ہو گئی۔ اور حضرت ابراہیم نے جوشِ قربانی میں اپنے محبوب فرزند کو ماتھے کے بل گرادیا تاکہ راہِ حق میں ذبح کر ڈالیں تو اس وقت ہم نے پکارا کہ اے ابراہیم بس کرو۔ بلاشبہ تم نے اپنے رؤیائے صادقہ کو پورا کر دکھلایا۔ ہم اسی طرح اربابِ حق و احسان کو ان کی جاں فروشیوں اور قربانیوں کا صلہ دیا کرتے ہیں۔ چنانچہ ہم نے یہ قربانی اس طرح قبول کر لی کہ اس کے فدیئے میں ایک بہت ہی عظیم الشان اور دائمی قربانی قرار دے دی۔!

ایمان باللہ کا دارومدار۔ یہ قربانی جس کا خون ہر سال میدانِ منیٰ میں جوش زن ہوتا ہے اور یہ ذبح عظیم

جلال وقدوسیت کا نشیمن۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ پورا کیا اور حضرت ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ کی نسل روحانی وجسمانی کو دنیا کی امامت عطا فرمائی۔ پہلے اس کا ظہور بنی اسرائیل کی خلافت و امامت کی صورت میں ہوا، اور پھر جب یروشلم کا ہیکل اور شام کے مرغزار اس کی محبت و اطاعت کے سزاوار نہ رہے تو اس نے بنی اسمٰعیل کی قربان گاہ عرب اور وادی بطحا و یثرب کے ریگستانوں کو اپنے جلال وقدوسیت کا نشیمن بنایا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَیْفَ تَعْمَلُوْنَ (۱۰: ۱۴)	اور پھر ان کے بعد ہم نے تمہیں زمین کی خلافت عطا کی، تاکہ دیکھیں کہ (پھر) تمہارے اعمال کیسے ہوتے ہیں؟

ایفائے عہد و عید غمگینی سوائے پیروان دین ابراہیمی! وائے وابستگان نسل اسمٰعیلی، اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا کا وعدہ بھی پورا ہو چکا اور لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ کی وعید کی غمگینی و رسوائی بھی تم دیکھ چکے۔

وَصَرَّفْنَا فِیْهِ مِنَ الْوَعِیْدِ لَعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ اَوْ یُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا (۲۰: ۱۱۳)	اور ہم نے قرآن حکیم میں اپنی وعید اور اس کے نتائج بیان کر دیئے۔ تاکہ لوگ ڈریں۔ یا اس کی وجہ سے انکے دلوں میں عبرت و بصیرت پیدا ہو۔

فصل ۱

میثاق ابراہیمی کی یادگار

امامت و خلافت اُمّت مُسلمہ کا عہد

اور پھر یہ یوم الحج کا طلوع درحقیقت اُس وعدۂ الٰہی اور عہد و میثاق ربانی کی یادگار ہے جو حضرت ابراہیمؑ سے اُمّت مسلمہ کی امامت و خلافت فی الارض کے لیے خدا نے باندھا تھا۔

وَاِذِ ابْتَلٰۤى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ

(۲: ۱۲۴)

اور جبکہ ابراہیم کو اُسکے پروردگار نے حقیقت اسلامی کی قربانی اور معرفت دین فطری کی چند آزمائشوں میں ڈالا اُس نے انھیں پورا کیا۔ یعنی اپنے جگر گوشہ کے گلے پر چھری رکھدی اور چاند اور سورج اور تمام مظاہر خلقت و مادیت سے منہ موڑ کر صرف دین فطرئ الٰہی کیطرف متوجہ ہوگیا تو اُس وقت ہمنے اسے بشارت دی کہ آج سے تمہیں انسانوں کی امامت و خلافت عطا کیجاتی ہے

اس پر حضرت ابراہیمؑ نے سوال کیا کہ "اور میری نسل کو بھی؟" فرمایا کہ ہاں مگر اُن کو نہیں جو ہمارے عہد و میثاق کی پروا نہ کریں اور اُسے ظالمانہ توڑ دیں۔

و جنگ کی تبدیلیوں میں محو ہو گئے ہو۔ مگر تم خود اپنے اندر تبدیلی پیدا نہیں کرتے، جس سے تمام عالم کی تبدیلی وابستہ ہے؟ اس تبدیلی کے لئے پہلی شرط یہ ہے کہ حقیقتِ اسلامی کی اُس قربانی کو اپنے روح و قلب پر طاری کرو جس کی یادگار میں ہر سال تمہارا ہاتھ ظاہری قربانی کی چھری پکڑتا ہے، اور تم خدا کے حضور خون بہاتے ہو۔

محبوبات و مطلوبات سپردِ خدا پھر اُس کے ساتھ ہی اللہ کے حضور گر جاؤ اپنے تمام اعمالِ زندگی کے اندر اُس کے مقدس حکموں کے عشق و اطاعت کی روح پیدا کرو۔ توبہ و انابت کے آنسو بہا کر اور عجز و بے قراری کی تڑپ پیدا کر کے اُس کے سامنے مجرموں کی طرح خاکِ عجز و نیاز پر لوٹو اور اپنی جانوں کو، اپنے مال و متاع کو، اپنے اہل و عیال کو اپنی تمام محبوبات و مطلوبات کو، اُسکے لئے اُس کے کلمۂ مقدس کے لئے اُس کی ملّتِ مرحومہ کے لئے اور اُس کی صداقت اور عدالت کے لئے اُس کے سپرد کر دو۔

قبولیت بخشنے والا خدا۔ وہ خدا جس نے ابراہیمؑ کی دعا سُنی جس نے اسمعیلؑ کی قربانی کو قبول کیا۔ جس نے وادیٔ غیر زرع کو ظہور رسالت کبریٰ سے مرکزِ مشارق و مغارب و مجمع اوّلین و آخرین بنایا، اگر تمہاری بداعمالیوں اور سرکشیوں کی

وعدہ اور وعید کی یاد تازہ - یہ یوم الحج کا آفتاب ہر سال اس لئے فاران کی چوٹیوں اور جبل رحمت کی وادیوں پر طلوع ہوتا ہے، تاکہ اُس وعدہ و وعید کی یاد تازہ کرے، اور اس امت مسلمہ کو میثاق الٰہی یاد دلائے جس کا ظہور اسی بیابان حجاز کی دعاؤں سے ہوا تھا۔

فصل ۱۱

امامت ارضی کی میراث

گم کردہ رحمتوں کی تلاش پس وہ دن آگیا اور خدا کی رحمتوں اور برکتوں کی سب سے بڑی گھڑی تمہارے سامنے ہے۔

یہی وہ وقت ہے کہ امت مسلمہ آخری مرتبہ اپنے عہد و میثاق کو یاد کرے اور جبکہ خدا کے قہر نے زمین کے فساد کو ڈھانپ لیا ہے تو وہ اس کی گم کردہ رحمتوں اور برکتوں کی تلاش میں نکلے۔

حقیقت اسلامی کی قربانی - تم دنیا کے تغیرات اور نقشۂ امن

باب ۲

مقاصدِ حج کا لُبِ لُباب

فصل ۱

عباداتِ اسلامیہ کی امتیازی خصوصیت

دُنیا کے تمام مذاہب میں اسلام کی ایک مابہ الامتیازہ
خصوصیت یہ ہے کہ اُس نے تمام عبادات و اعمال کا ایک مقصد
متعین کیا۔ اور اُس مقصد کو نہایت صراحت کے ساتھ ظاہر کردیا۔

نماز۔

نماز کے متعلق تصریح کی:-

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ (۲۹:-۲۵) | نماز ہر قسم کی بد اخلاقیوں سے انسان کو روکتی ہے۔

ذریعہ سے تمہیں ٹھکرا سکتا تھا۔ تو آج وہ تمہیں پیار بھی کر سکتا ہے۔ تمہاری دعاؤں کو بھی

سن سکتا ہے۔

کھوئی ہوئی میراث کی واپسی

پس توبہ کرو اپنے عزائم و اعمال مقدسہ کو زندہ کرو۔ دعائیں مانگو اور خداوند حجاز کو پکارو۔ تا تمہاری کھوئی ہوئی میراث پھر تمہیں واپس مل جائے تمہارے غمگینی کے دن ختم ہوں اور لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ کے زمرے سے نکل کر اِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا کے حزب اللہ میں داخل ہو جاؤ

ذَٰلِكَ يُوعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۗ ذَٰلِكُمْ أَزْكَىٰ لَكُمْ وَأَطْهَرُ (۲:۲۳۲)

تم میں سے ہر اس انسان کو جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس حکم کے ذریعہ نصیحت کی جاتی ہے! اسی بات میں تمہارے لئے زیادہ برکت اور زیادہ پاکیزگی ہے۔

فصل ۲

حج اور تجارت بین المللی

مقصد خصوصی اس (مذکورہ) آیت میں قرآن حکیم نے جن فوائد کو حج کا مقصد قرار دیا ہے اُن سے اجتماعی و اقتصادی فوائد مراد ہیں اور یہ حج کا ایک ایسا اہم مقصد ہے کہ ابتداء میں جب صحابہ کرام نے دینی مقاصد کے منافی سمجھ کر اسے بالکل چھوڑ دینا چاہا تو اللہ نے ایک خاص آیت نازل فرمائی۔

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ (۲:۱۹۸) — اگر زمانہ حج میں تجارتی فوائد حاصل کرو تو اس میں مذہب کا کوئی نقصان نہیں۔

اقتصادیات و تمدن عرب - قرآن حکیم کا عام طرز خطاب یہ ہے کہ وہ جزئیات سے کسی قسم کا تعرض نہیں کرتا اُس کی توجہ ہمیشہ اہم باتوں کی طرف مبذول

روزہ:۔ روزہ کے متعلق فرمایا۔

لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ (۲:۱۸۳) — روزہ کے ذریعہ تم پرہیزگار بن جاؤ گے۔

زکوٰۃ۔ زکوٰۃ کی نسبت بیان کیا۔

خُذْ مِنْ اَمْوَالِھِمْ صَدَقَۃً تُطَھِّرُھُمْ وَتُزَکِّیْھِمْ بِھَا (۹:۱۰۳) — اُن کے مال و دولت میں سے ایک حصہ بطور صدقہ کے لے لو۔ کیوں کہ تم اس کے ذریعہ اُن کے بخل اور حرص و طمع کی بداخلاقیوں سے پاک و صاف کر سکو گے۔

صدقہ:۔ احادیث نے اس سے زیادہ تصریح کر دی ہے،

الصدقۃ اوساخ المسلمین تؤخذ اغنیائھم و ترد الی فقرائھم — صدقہ مسلمانوں کے دل کا میل ہے اُن کے دولت مندوں سے لیکر اُن کے محتاجوں کو دے دیا جاتا ہے۔

حج:۔ اسی طرح خداوند تعالیٰ نے حج کے فوائد و منافع کو بھی نہایت وضاحت کے ساتھ بیان فرما دیا۔

لِیَشْھَدُوْا مَنَافِعَ لَھُمْ وَیَذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ فِیْٓ اَیَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ (۲۲:۲۸) — حج کا اصلی مقصد یہ ہے کہ لوگ اپنے اپنے فوائد کو حاصل کریں اور اس کے ساتھ ہی چند مخصوص دنوں میں خدا کو بھی یاد کر لیا کریں۔

بلند ہو کر تمام بحر و بر پر چمکنے والا ہے۔

پس اس آیت کریمہ میں جن اقتصادی

تمدّن کی منفعت عظیمہ

و تجارتی فوائد کی طرف اشارہ کیا ہے۔ وہ ایک وسیع بین الملی تجارت کا قیام ہے ورنہ اہل عرب جس قسم کی تجارت کرتے تھے، وہ تو ہر حالت میں قائم رکھی جا سکتی تھی اور قائم تھی۔

البتہ تجارت بین الاقوام کا سلسلہ بالکل قیام امن و ضبط، عدل و اجتماع عام پر موقوف تھا، اس لئے جب کامل امن و امان ہو گیا۔ اور حج نے راستے کے تمام نشیب و فراز ہموار کر دیئے، تو اس وقت خدا نے مسلمانوں کو تمدّن کی اس منفعتِ عظیمہ کی ترغیب عام دی۔

رہتی ہے۔ اس بنا پر خداوند تعالےٰ نے جس قسم کی تجارت کو حج کا مقصد قرار دیا ہے اور اس کی ترغیب و حوصلہ افزائی کی۔ وہ عرب کی اقتصادی و تمدنی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ تھا۔ عرب اگرچہ ایک بادیہ نشین اور غیر متمدن قوم تھی تاہم معاش کی ضرورتوں نے اس کو تمدن کی ایک عظیم الشان شاخ یعنی تجارت کی طرف ابتدا ہی سے متوجہ کر دیا تھا۔

قریش کا قافلہ عموماً شام وغیرہ کے اطراف میں مال لے کر جایا کرتا تھا۔ اور ان لوگوں نے وہاں کے رہنے والوں سے مستقل طور پر تجارتی تعلقات پیدا کر لئے تھے۔ خود مکہ کے متصل عکاظ اور ذوالمجاز وغیرہ متعدد بازار قائم تھے اور وہ حج کے زمانے میں اچھی خاصی تجارتی منڈی بن جاتے تھے

تجارت بین الاقوام کا قیام

پس اہل عرب کو نفس تجارت کیطرف متوجہ کرنے کی چنداں ضرورت نہ تھی۔ لیکن اسلام جو عظیم الشان و عالمگیر مدنیت پیدا کرنا چاہتا تھا، اس کی گرم بازاری کے لئے عکاظ، ذوالمجنت اور ذوالمجاز کی وسعت کافی نہ تھی۔ وہ دنیا کی تمام متمدن قوموں کی طرح تجارت بین الاقوام کا مستقل سلسلہ قائم کرنا چاہتا تھا، کیونکہ وہ دیکھ رہا تھا کہ عنقریب آفتاب اسلام حجاز کی پہاڑیوں سے

شخص کے ساتھ تھا اور اس کے فوائد و منافع عام طور پر سمجھ میں آسکتے تھے۔ اس لئے خدا نے اُس کو نہایت وضاحت کے ساتھ بیان فرما دیا۔

لیکن حج کا ایک اہم مقصد اور بھی تھا۔ جس کو اگرچہ صراحتاً بیان نہیں کیا گیا۔ لیکن قدم قدم پر اُس کی طرف اس کثرت سے اشارے کئے کہ اگر اُن تمام آیتوں کو جمع کر دیا جائے تو کئی صفحے صرف ان ہی سے لبریز ہو جائیں۔

باوجود ابہام حقیقت بے نقاب

حقائق و معارف الٰہیہ کے اظہار میں قرآن حکیم نے عموماً اسی قسم کا طرزِ خطاب اختیار کیا ہے۔ جس سے باوجود ابہام کے حقیقت کا چہرہ بالکل بے نقاب ہو جاتا ہے۔ وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ!

ارشاد و ہدایت کا بین الملّی مرکز

سفرِ حج درحقیقت انسانی ترقیوں کے تمام مراحل کا مجموعہ ہے۔ اس کے ذریعہ انسان تجارت بھی کر سکتا ہے۔ علمی تحقیقات بھی کر سکتا ہے، جغرافیہ اور سیاحتِ عالمیہ کے فوائد بھی حاصل

فصل ۳

مقاصدِ اعلیٰ و حقیقت

مطالبِ قرآن کا عام و خاص طرزِ خطاب

لیکن اس تصریح و توضیح کے علاوہ قرآن حکیم کا ایک طرزِ خطاب اور بھی ہے جو صرف خواص کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ قرآن حکیم کا عام انداز بیان یہ ہے کہ وہ جن مطالب کو عام طور پر ذہن نشین کرنا چاہتا ہے، یا کم از کم وہ ہر شخص کی سمجھ میں آسکتے ہیں اُن کو تو نہایت کھلے الفاظ میں ادا کر دیتا ہے۔ لیکن جب مطالب دقیقہ کے مخاطب صرف خواص ہوتے ہیں اور وہ عام لوگوں کی سمجھ میں نہیں آسکتے ہیں اُن کو صرف اشارات و کنایات میں ادا کرتا ہے۔

مقاصد حج میں تجارت ایک

اہم ترین مقصد ایسی چیز تھی جس کا تعلق ہر

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

(۲:۱۲۸)

اے پروردگار! (اپنے فضل وکرم سے) ہمیں ایسی توفیق دے کہ ہم سچے مسلم (یعنی تیرے حکموں کے فرماں بردار) ہو جائیں اور ہماری نسل میں سے بھی ایک ایسی امت پیدا کر دے جو تیرے حکموں کی فرماں بردار ہو۔ خدایا ہمیں ہماری عبادت کے (سچے) طور طریقے بتلا دے اور ہمارے قصوروں سے درگذر کر۔ بلاشبہ تیری ہی ذات ہے جو رحمت سے درگذر کرنے والی ہے اور جس کی رحیمانہ درگذر کی کوئی انتہا نہیں۔

آب ہوا کا اثر لیکن جس قالب میں قومیت کا ڈھانچہ تیار ہوتا ہے۔ اُس میں دو قوتیں نہایت شدت اور وسعت کے ساتھ عمل کرتی ہیں۔ آب ہوا اور مذہب آب ہوا اور جغرافیانہ حدود طبیعیہ اگرچہ قومیت کے تمام اجزاء کو نہایت وسعت کے ساتھ احاطہ کر لیتے ہیں۔ لیکن اُن کے حلقۂ اثر میں کوئی دوسری قوم نہیں داخل ہو سکتی۔

مذہب کا حلقۂ اثر یورپ اور ہندستان کی قدیم قومیت نے صرف ایک محدود حصۂ دُنیا میں نشو ونما پائی ہے اور آب ہوا کے اثر نے اُن کو دنیا کی تمام قوموں سے بالکل الگ تھلگ کر دیا ہے، لیکن مذہب کا حلقہ اثر نہایت وسیع ہوتا ہے۔

کرسکتا ہے۔ مختلف قوموں کے تمدن و تہذیب سے آشنا بھی ہو سکتا ہے۔ اُن میں باہم ارتباط و علائق بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ اشاعت مذہب و تبلیغ حق و معروف کا فرض بھی انجام دے سکتا ہے۔ سب سے آخر اور سب سے بڑھ کر یہ کہ تمام عالم کی اصلاح و ہدایت و انسداد و مظالم و فتن و قلع و قمع کفار و مفسدین و اعلان جہاد فی سبیل الحق والعدالت کے لئے بھی وہ ایک بین الملی مرکز و مجمع عموم اہل ارض کا حکم رکھتا ہے۔

فصل ۴

اُمّت مُسلمہ کی قومیّت

تمام ترقیوں کا سنگ بنیاد

لیکن ان تمام چیزوں سے مقدم اور ان تمام ترقیوں کا سنگ بنیاد ایک خاص اُمّت مُسلمہ اور حزب اللہ کا پیدا کرنا اور اس کا استحکام و نشو و نما تھا۔

حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام نے حج کا مقصد اولین اسی کو قرار دیا تھا۔

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ وَصّٰى بِهَاۤ اِبْرٰهٖمُ بَنِیْهِ وَ یَعْقُوْبُ یٰبَنِیَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّیْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ

(۲-۱۳۱ و ۱۳۲)

جب کہ ابراہیمؑ سے اُس کے خدا نے کہا کہ صرف ہماری ہی فرماں برداری کرو تو انھوں نے جواب دیا کہ میں مسلم ہوا پروردگار عالم کے لئے۔ اور پھر اسی طریقۂ اسلامی کی انھوں نے اور یعقوبؑ نے اپنی نسل کو وصیت کی اور کہا کہ خدا نے تمہارے لئے ایک نہایت برگزیدہ دین منتخب کر دیا ہے تم اس پر عمر بھر قائم رہنا۔ اور مرنا تو مسلمان ہی مرنا۔

فصل ۵

قومیت جدیدہ کی نشئت اُولیٰ

ظہور و تکمیل کا مقدس آشیانہ لیکن جماعت عموماً

ایک محدود قطعۂ زمین میں اپنا عمل نہیں کرتا۔ بلکہ دُنیا کے ہر حصّے کو اپنی آغوش میں جگہ دیتا ہے۔

کرۂ آب و ہوا کا طوفان خیز تصادم اپنے ساحل پر کسی غیر قوم کو آنے نہیں دیتا۔ مگر مذہب کا ابرِ کرم اپنے سائے میں تمام دنیا کو لے لیتا ہے۔

عظیم الشان قومیت کا مایۂ خمیر

حضرت ابراہیم علیہ السلام جس عظیم الشان قوم کا خاکہ تیار کر رہے تھے اُس کا مایۂ خمیر صرف مذہب تھا۔ اور اُس کی روحانی ترکیب، عنصرِ آب و ہوا کی آمیزش سے بالکل بے نیاز تھی، جماعت قائم ہو کر اگرچہ ایک محسوس مادی شکل میں نظر آتی ہے۔ لیکن در حقیقت اُس کا نظام ترکیبی بالکل روحانی طریقہ پر مرتب ہوتا ہے۔ جس کو صرف جذبات خیالات بلکہ عام معنوں میں صرف قوائے دماغیہ کا اتحاد و اشتراک ترتیب دیتا ہے۔

رابطۂ اتحاد مذہبی کا استحکام

اس بنا پر اس قوم کے پیدا ہونے سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک مذہبی رابطۂ اتحاد کے سررشتہ کو مستحکم کیا۔

روحانی سررشتۂ حیات کو اُس کے حوالے کر دیا۔

وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَـكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ (۲: ۱۳۲)

اور ابراہیمؑ و یعقوبؑ دونوں نے اس روحانی طریقۂ نشوونما کی اپنے بیٹوں کو وصیت کی کہ خدا نے تمہارے لئے ایک برگزیدہ دین منتخب فرما دیا ہے تم اُس پر (مرنے دم تک) قائم رہنا!

وصیت حضرت یعقوبؑ

اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِىْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖۚ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ

(۲: ۱۳۴)

اور پھر کیا تم اُس وقت موجود تھے جب یعقوبؑ کے سر پر موت آ کھڑی ہوئی اور اُس آخری وقت میں انھوں نے اپنے بیٹوں سے پوچھا۔ میرے بعد کس چیز کی پوجا کرو گے؟ انھوں نے جواب دیا کہ ہم تیرے اور تیرے مقدس باپ ابراہیم و اسمٰعیل و اسحاق کے خدائے واحد کی عبادت کریں گے اور ہم اُسی کے فرماں بردار بندے ہیں!

اپنے مجموعہ عقائد کو مجسم طور پر دُنیا کے فضائے بسیط میں دیکھنا چاہتی ہے۔ اور اُس کے ذریعہ اپنی قومیت کے قدیم عہد مؤدت کو تازہ کرتی ہے۔ اس لئے انھوں نے اس جدید النشؤت قومیت کے ظہور و تکمیل کے لئے ایک نہایت مقدس اور وسیع آشیانہ تیار کیا۔

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰھٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَاِسْمٰعِیْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (۲:- ۱۲۷)

جب ابراہیم اور اسمٰعیل خانۂ کعبہ کی بنیاد ڈال رہے تھے تو یہ دعا اُن کی زبانوں پر تھی۔ خدایا ہماری اس خدمت کو قبول کر لے تو دُعاؤں کا سُننے والا اور نیتوں کا جاننے والا ہے

رُوحانی جماعت کا قالب

یہ صرف اینٹ پتھر کا گھر نہ تھا بلکہ ایک رُوحانی جماعت کے قالب کا آب و گِل تھا۔ اس لئے جب وہ تیار ہو گیا تو انھوں نے اُس جماعت کے پیدا ہونے کی دعا کی:-

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَکَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّکَ

وصیتِ ابراہیمی

اب یہ قوم پیدا ہو گئی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی آخری وصیت کے ذریعہ اس

رنگین تھا۔ حجرۂ اسود اب تک بوسہ گاہ خلق تھا۔ مشاعر ابراہیم اب تک قائم تھے۔ عرفات کے حدود میں اب تک کوئی تبدیلی نہیں کی گئی تھی۔

دُعائے تجدید و نفخ رُوحی

غرضیکہ اُس کے اندر خدا کے سوا سب کچھ تھا اور صرف اسی کے جمال جہان آرا کی کمی تھی اس لئے اُس کی تجدید و نفخ روح کے لئے ایک مدت کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا سب سے آخری نتیجہ ظاہر ہوا۔ اُنھوں نے کعبۃ اللہ کی بنیاد رکھتے ہوئے دعا کی تھی۔

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

(۲:-۱۱۹)

خدایا اُن کے درمیان ان ہی لوگوں میں سے ایک پیغمبر بھیج کہ وہ اُن کو تیری آیتیں پڑھ کر سُنائے اور کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور اُن کے نفوس کا تزکیہ کردے، تو بڑا صاحب اختیار اور صاحب حکمت ہے۔

فصل ۶

آثارِ قائمہ و ثابتہ اُمّتِ مُسلمہ

مقدّس یادگاروں کا ذخیرہ

اب اگرچہ یہ جماعت دنیا میں موجود نہ تھی اور اُس کے آثار صالحہ کو زمانے نے بے اثر کر دیا تھا۔

تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ

(۲:۱۴۱)

وہ قوم گذر گئی۔ اُس نے جو کام کیے اُس کے نتائج اُس کے لئے تھے۔ اور تم جو کچھ کرو گے اُسکے نتائج تمہارے لئے ہونگے

~~~

لیکن اُس کی تربیت و نشو و نما کا عہد قدیم اب تک دستبرد زمانہ سے بچا ہوا تھا اور اپنے آغوش میں مقدس یادگاروں کا ایک وسیع ذخیرہ رکھتا تھا۔ اس کے اندر اب تک آب زمزم لہریں لے رہا تھا۔ صفا و مروہ کی چوٹیوں کی گردنیں اب تک بلند تھیں۔ مذبح اسمٰعیل اب تک مذہب کے گرم خون سے
~~~

جذبات کو صرف جلا دینا باقی تھا۔ چنانچہ اُس کو خانۂ کعبہ کے اندر لاکر کھڑا کر دیا گیا، اور اُسکی مقدس قدیم مذہبی یادگاروں کی تجدید و احیاء سے اُس کے مذہبی جذبات کو بالکل پختہ و مستحکم کر دیا۔

سعی صفا و مروہ۔ کبھی اُن سے کہا گیا۔

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا (۲:- ۱۵۸)

صفا و مروہ خدا کی قائم کی ہوئی یادگاریں ہیں پس جو لوگ حج یا عمرہ کرتے ہیں، اُن پر ان دونوں کے درمیان طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

مشعر الحرام کی یاد کبھی اُن کو مشعر حرام کی یاد دلائی گئی۔

فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ (۲:- ۱۹۸)

جب عرفات سے لوٹو تو مشعر حرام، (مزدلفہ) کے نزدیک خدا کی یاد کرو

خانۂ کعبہ کی قدیم ترین یادگار۔ خانۂ کعبہ خود دنیا کی سب سے قدیم یادگار تھی لیکن اس کی ایک ایک یادگار کو نمایاں تر کیا گیا۔

فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ (۳:- ۹۷)

اس میں بہت سی کھلی ہوئی نشانیاں ہیں منجملہ ان کے ایک نشانی حضرت ابراہیم کے کھڑے ہونیکی جگہ ہے

نقش پا سجدہ گاہ خلق لیکن جو لوگ خدا کی راہ میں ثابت قدم رہے ان کے نقش پا سجدہ گاہ خلق ہونیکے مستحق تھے اس لئے حکم دیا گیا۔

ظہورِ رحمۃ للعالمین۔ چنانچہ اس کا ظہور وجود مقدس حضرت رحمۃ للعالمین وختم المرسلین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی صورت میں ہوا جو ٹھیک ٹھیک اس دعا کا پیکر و ممثل تھا۔

ھُوَالَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْھُمْ یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ وَیُزَکِّیْھِمْ وَیُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ	وہ خدا جس نے ایک غیر متمدن قوم میں سے اپنا ایک رسول پیدا کیا۔ جو اللہ کی آیات ان کو سناتا ہے۔ ان کے نفس کی تزکیہ کرتا ہے۔ اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔

(۶۲ : ۲)

تربیت یافتہ جماعت پس انھوں نے جو قوم پیدا کر دی تھی اسی کے اندر سے ایک پیغمبر اٹھا، اس نے اس گھر میں سب سے پہلے خدا کو ڈھونڈنا شروع کیا لیکن وہ اینٹ پتھر کے ڈھیر میں بالکل چھپ گیا تھا۔ فتح مکہ نے اس انبار کو ہٹا دیا تو خدا کے نور سے قندیلِ حرم پھر روشن ہو گئی وہ قوم جسکے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا فرمائی تھی۔ اس پیغمبر کے فیض صحبت سے بالکل مزکی و تربیت یافتہ ہو گئی تھی۔

تجدید و احیائے مذہب۔ اب ایک مذہب پر جمع کر کے اسکے مذہبی

فصل

اعلانِ تکمیلِ دین

فراموش کردہ روشِ ملّتِ ابراہیمی جب اسلام نے اس جدید النشئت قوم کے وجود کی تکمیل کر دی اور خانۂ کعبہ کی ان مقدس یادگاروں کی روحانیت نے اُس کی قومیت کے شیرازہ کو مستحکم کر دیا، تو پھر ملّتِ ابراہیمی کی فراموش کردہ روش دکھا دی گئی۔

فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (۳: ۹۵)

پس ابراہیم کے طریقہ کی پیروی کرو جو صرف ایک خدا کے ہو رہے تھے۔

کمالِ دین کا استحکام اب تمام عرب نے ایک خطِ مستقیم کو

وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى (۲:-۱۲۵)

اور ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو اپنا مُصلّے بنا لو۔

مادّی اور رُوحانی یادگاریں

مادی یادگاروں کی زیارت صرف سیر و تفریح کیلئے کی جاتی ہے، لیکن روحانی یادگاروں سے صرف دل کی آنکھیں ہی بصیرت حاصل کر سکتی ہیں۔ اس لئے اُن کے ادب احترام کو اتقاء و تبصر کی دلیل قرار دیا گیا۔

وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ (۲۲:- ۳۲)

اور جو لوگ خدا کی قائم کی ہوئی یادگاروں کی تعظیم کرتے ہیں تو یہ تعظیم اُن کے دلوں کی پرہیز گاری پر دلالت کرتی ہے۔

وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ۔ (۲۲:- ۳۰)

اور جو شخص خدا کی قرار کی ہوئی قابل ادب چیزوں کا احترام کرتا ہے تو خدا کے نزدیک اس کا نتیجہ اُس کے حق میں بہتر ہے۔

رُوحانی اثر و نفوذ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان مقدس یادگاروں کے رُوحانی اثر و نفوذ کو دلوں میں جذب کرا دینا چاہتے تھے، اس لئے خاص طور پر لوگوں کو اُن طرف متوجہ فرماتے رہتے تھے۔

عِنْدَ مَشَاعِرِ اَبِيْكُمْ اِبْرَاهِيْمَ۔

خوب غور سے دیکھو اور بصیرت حاصل کرو۔ کیوں کہ یہ تمہارے باپ ابراہیم کی یادگار ہے۔

باب ۳

تاریخِ فرضیّتِ حج کا ایک لمحۂ فکریہ

فصل ۱

دعوتِ ابراہیمیؑ کی صدائے بازگشت

دعوتِ عام اہلِ عرب نے اگرچہ حضرتِ ابراہیم علیہ السلام کے مجموعۂ تعلیم ہدایت کو بالکل بھلا دیا تھا لیکن انھوں نے خانۂ کعبہ

اپنا مرکز بنا لیا۔ اور قدیم خطوط سخنہ حرفِ غلط کی طرح مٹا دیئے گئے جب یہ سب کچھ ہو چکا تو اُس کے بعد خدائے ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ کا سب سے بڑا احسان پورا ہو گیا۔

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا
(۵:۳)

آج میں نے تمہارے اس دین کو مکمل کر دیا جس نے تم کو ایک قومیت کے رشتے میں منسلک کر دیا ہے۔ اور اپنے تمام احسانات تم پر پورے کر دیئے۔ اور تمہارے لئے صرف ایک دین اسلام ہی کو منتخب کیا۔

فصل ۲

بدعات و محدثات جاہلیت

سُنّت ابراہیمی کی صورت اور حقیقت

لیکن سچ کے ساتھ جب جھوٹ مل جاتا ہے تو وہ اور بھی خطرناک ہو جاتا ہے۔

اہل عرب نے اگرچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس سنت قدیمہ کو اب تک زندہ رکھا تھا، لیکن بدعات و اختراعات کی آمیزش نے اصل حقیقت کو بالکل گم کر دیا تھا۔

تین سو ساٹھ ۳۶۰ بُتوں کا مرکز

(۱) خدا نے اپنے گھر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو قیام کی اجازت صرف اس شرط پر دی تھی کہ کسی کو خدا کا شریک نہ بنانا۔ اَنْ لَّا تُشْرِکْ بِیْ شَیْئًا۔ لیکن اب خدا کا یہ گھر تین سو ساٹھ بتوں کا مرکز بن گیا تھا، اور ان کا طواف کیا جاتا تھا

کے کنگرے پر چڑھ کر تمام دُنیا کو جو دعوت عام دی تھی۔ اُس کی صدائے بازگشت اب تک عرب کے در و دیوار سے آرہی تھی۔

وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْئًا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ۔
(۲۲: ۲۷)

اور جب ہم نے حضرت ابراہیم کے لئے ایک معبد قرار دیا، اور حکم دیا کہ ہماری قدوسیت و جبروت میں اور کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرانا اور اس گھر کو طواف کرنے والوں اور قیام اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لئے ہمیشہ پاک و مقدس رکھنا۔ نیز ہم نے حکم دیا کہ دنیا میں حج کی پکار بلند کردو لوگ تمہاری طرف دوڑتے ہوئے چلے آئیں گے۔ اور وہ بھی جنھوں نے مختلف قسم کی سواریوں پر دُور دراز مقامات سے قطعِ مسافت طے کی ہوگی۔ :

کر سکتے تھے، جن کو قریش کی طرف سے کپڑا ملتا تھا اور قریش نے اس کو بھی اپنی اظہار سیادت کا ایک ذریعہ بنا لیا تھا۔

(۵) **عُمرہ سخت گناہ متصوّر ہوتا۔** عمرہ گویا حج کا ایک ضمیمہ یا جزو تھا، لیکن اہل عرب ایامِ حج میں عمرہ کو سخت گناہ سمجھتے تھے اور کہتے تھے کہ جب حاجیوں کی سواریوں کی پُشت کے زخم اچھے ہو جائیں اور صفر کا مہینہ گزر جائے، تب عُمرہ جائز ہو سکتا ہے،

(۶) **حج کے بیہودانہ رہبانیت کا گہوارہ** تمام اجزا و ارکان میں بیہودانہ رہبانیت کا عالمگیر مرض ساری ہو گیا تھا۔

اپنے گھر سے پا پیادہ حج کرنے کی منّت ماننا۔ جب تک حج ادا نہ ہو جائے خاموش رہنا۔ قربانی کے اونٹوں پر کسی حال میں سوار نہ ہونا، ناک میں نکیل ڈال کر جانوروں کی طرح خانۂ کعبہ کا طواف کرنا، زمانۂ حج میں گھر کے اندر دروازے کی راہ سے نہ گھسنا، بلکہ پچھواڑے کی طرف سے دیوار پھاند کے آنا، دیوار

فخر و غرور کا ترانہ گاہ

(۲) خدا نے حج کا مقصد یہ قرار دیا تھا کہ دنیوی فوائد کے ساتھ خدا کا ذکر قائم کیا جائے۔ لیکن اب صرف آباؤ اجداد کے کارنامہائے فخر و غرور کے ترانے گائے جاتے تھے۔

مخصوص امتیازات قریش

(۳) حج کا ایک مقصد تمام انسانوں میں مساوات، قائم کرنا تھا، اسی لئے تمام عرب بلکہ تمام دنیا کو اس کی دعوت عام دی گئی اور سب کو وضع و لباس میں متحد کر دیا گیا۔ لیکن قریش کے غرور و فضیلت نے اپنے لئے بعض خاص امتیازات قائم کر لئے تھے جو اصول مساوات کے بالکل منافی تھے۔

مثلاً تمام عرب عرفات کے میدان میں قیام کرتا تھا لیکن قریش مزدلفہ سے باہر نہیں نکلتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم متولیان حرم، حرم کے باہر نہیں جا سکتے جس طرح آج کل کے امرائے فسق و والیان ریاست عام مسلمانوں کے ساتھ مسجد میں آ کر بیٹھنے اور دوش بدوش کھڑے ہونے میں اپنی توہین سمجھتے ہیں۔

برہنہ طواف

(۴) قریش کے سوا عرب کے تمام مرد و زن برہنہ طواف کرتے تھے، ستر عورت کے ساتھ صرف وہی لوگ طواف

اور یہ تمام ارکان اس کے اندر جمع ہو گئے ہیں۔

اسلام معلّق بہ کعبہ

یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کو صرف کعبہ ہی کے ساتھ معلّق کر دیا۔

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِیْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَیْءٍ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ	مجھ کو صرف یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں اس شہر (مکہ) کے خدا کی عبادت کروں جس نے اس کو عزت دی۔ سب کچھ اسی خدا کا ہے۔ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اس کا فرماں بردار مسلم ہوں۔

(۲۰۷ ، ۹۱)

حج اور اسلام لازم ملزوم

اور یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم نے ہر موقع پر حج کے ساتھ اسلام کا ذکر بطور لازم و ملزوم کے کیا۔

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّیَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِیْمَةِ الْاَنْعَامِ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	اور ہر ایک امت کے لئے ہم نے قربانی قرار دی تھی تاکہ خدا نے اُن کو جو چارپائے بخشے ہیں اُن کی قربانی کے وقت خدا کا نام لیں۔ پس تم سب کا خدا

...قربانی کے جانوروں کے خون کا چھاپہ لگانا،
عرب کا عام شعار ہو گیا تھا۔

فصل ۳

ظہورِ اسلام و ترکیبِ حج

دینِ ابراہیمی کی تکمیل اسلام درحقیقت دینِ ابراہیمی کی حقیقت کی تکمیل تھی، اس لئے وہ ابتدا ہی سے اُس حقیقت گم شدہ کی تجدید و احیا میں مصروف ہو گیا۔ جس کا قالب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مبارک ہاتھوں نے تیار کیا تھا۔

ارکانِ اسلام کی ہیئتِ مجموعی اسلام کا مجموعۂ عقائد و عبادات توحید، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج سے مرکب ہے لیکن ان تمام ارکان میں حج ہی ایک ایسا رکن ہے جس سے اس تمام مجموعہ کی ہیئت ترکیبی مکمل ہوتی ہے،

لَا یَنَالُ عَہْدِی الظّٰلِمِیْنَ
(۲ : ۱۲۴)

حضرت ابراہیم نے عرض کی اور میری اولاد کو بھی ؛ ارشاد ہوا کہ، ہاں. مگر اس قول و قرار میں ظالم لوگ داخل نہیں ہو سکتے ؛

آزمائش کے اجزاءِ اوّلیں

خدا نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جن کلمات کے ذریعہ آزمایا اور جن کی بنا پر انھیں دنیا کی امامت عطا ہوئی وہ اسلام کے اجزاءِ اولیں یعنی توحید الٰہی قربانی نفس وجذبات، صلوٰۃ الٰہی کا قیام اور معرفت دین فطری کے امتحانات تھے۔ اگرچہ اُن کی اولاد میں سے چند ناخلف لوگوں نے ان ارکان کو چھوڑ کر اپنے اوپر ظلم کیا۔ اور اِس موروثی عہد سے محروم ہو گئے۔ قَالَ لَا یَنَالُ عَہْدِی الظّٰلِمِیْنَ ہ

اُمّتِ مسلمہ مستورہ

لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ذات کے اندر ایک دوسری اُمّت بھی چھپی ہوئی تھی۔ جس کے لئے خود انھوں نے خدا سے دعا کی تھی۔

اِنَّ اِبْرٰہِیْمَ کَانَ اُمَّۃً قَانِتًا
(۱۶ : ۱۲۰)

حضرت ابراہیم گو بظاہر ایک فرد واحد تھے۔ مگر اُن کی تعابیت روحانیہ الٰہیہ کے اندر ایک پوری قوم قانیت و مسلم پوشیدہ تھی۔

فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ

(۲۲ - ۳۴)

ایک ہی ہے۔ اسی کے تم سب فرماں بردار بن جاؤ۔ اور خدا کے خاکسار بندوں کو حج کے ذریعہ دین حق کی بشارت دو۔

فصل ۴

آزمائش ابراہیم

خدا کا فطری معاہدہ

اسلام خدا کا ایک فطری معاہدہ تھا، جس کو انسان کی ظالمانہ عہد شکنی نے بالکل چاک چاک کر دیا تھا۔ اس لئے خدا نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ناخلف اولاد کو روز اوّل ہی اس کے ثمرات سے محروم کر دیا۔

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ قَالَ

جب خدا نے چند احکام کے ذریعہ ابراہیمؑ کو آزمایا اور وہ خدا کے امتحان میں پورے اُترے تو خدا نے کہا کہ اب میں تمہیں دنیا کی امامت اور خلافت عطا کرتا ہوں۔ اس پر

موروثی گھر کی واگزاری

وہ منظر عام پر آیا تو سب سے پہلے اپنے باپ کے موروثی گھر کو ظالموں کے ہاتھ سے واپس لینا چاہا لیکن اس کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی کی طرح بتدریج چند روحانی مراحل سے گذرنا ضروری تھا۔ چنانچہ اُس نے اُن مرحلوں سے گزرنا شروع کیا۔

توحید کا غلغلہ

اُس نے غارحرا سے نکلنے کے ساتھ ہی توحید کا غلغلہ بلند کیا کہ خدا نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے جو عہد لیا تھا اُس کی پہلی شرط یہی تھی۔

أَن لَّا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا (۲۲ : ۲۶)

صفِ نماز

پھر اُس نے صفِ نماز قائم کی کہ یہ گھر صرف خدا ہی کے آگے سر جھکانے والوں کے لئے بنایا گیا تھا۔

وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ (۲ : ۱۲۵)

روزے کی تعلیم

اُس نے روزے کی تعلیم دی کہ وہ شرائط حج کا جامع و مکمل تھا۔

فَمَن فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ جس شخص نے ان مہینوں میں حج کا

فصل ۵

اجزائے حج کے ترکیبی مرکبات

رسولِ مزکّی و موعودہ کا ظہور

اب اس امّت مسلمہ کے ظہور کا وقت آگیا اور وہ رسول مزکی و موعودہ غار حرا کے تاریک گوشوں سے نکل کر منظرِ عام پر نمودار ہوا۔ تاکہ اس نے خود اس اندھیرے میں جو روشنی دیکھی ہے۔ وہ روشنی تمام دنیا کو دکھلا دے۔

يُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ط (۲ : ۲۵۷)

وہ پیغمبر اُن کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لاتا ہے۔

لَقَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللّٰهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُبِينٌ ط (۵ : ۱۵)

بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور ہدایت اور ایک کھلی کھلی ہدایتیں دینے والی کتاب آئی۔

فصل ۶

فتح مکّہ کی غرض وغایت

اُمتِ مُسلمہ کا منظرِ عام پر نُمایاں کرنا

اس طرح جب اس اُمتِ مسلمہ کا رُوحانی خاکہ تیار ہو گیا، تو اُس نے اپنی طرح اُن کو بھی منظرِ عام پر نمایاں کرنا چاہا۔ اس غرض سے اُس نے عمرہ کی تیاری کی اور ۱۴۰۰ ھ اسو کی جمعیت کے ساتھ روانہ ہوا کہ پہلی بار اپنے آبائی گھر کو حسرت آلود نگاہوں سے دیکھ کر چلے آئیں۔ لیکن یہ کاروانِ ہدایت راستے ہی میں بہ مقام حدیبیہ روک دیا گیا۔ دوسرے سال حسب شرائط صلح زیارت کعبہ کی اجازت ملی۔ اور آپؐ مکہ میں قیام کر کے چلے آئے۔ اب اس مصالحت نے راستے کے تمام نشیب وفراز ہموار کر دیئے تھے۔ صرف خانہ کعبہ میں پتھروں کا ایک ڈھیر رہ گیا تھا اُسے بھی فتح مکّہ نے ہموار کر دیا۔

دخل النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم مکۃ یوم الفتح و حول البیت ستون و ثلثمائۃ نصب فجعل

آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن جب خانہ کعبہ میں داخل ہوئے تو اُس کے گرد تین سو ساٹھ بُت نظر آئے۔ آپؐ اُن کو ایک لکڑی کے ذریعہ ٹھکراتے جاتے تھے اور یہ آیت

فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ط (۲ : ۱۹۷)

عزم کر لیا تو اُس کو ہر قسم کی نفس پرستی۔ بدکاری اور جھگڑے تکرار سے اجتناب کرنا لازمی ہے۔

روزے کی حقیقت

اور روزے کی حقیقت یہی ہے کہ وہ انسان کو غیبت۔ بہتان۔ فسق و فجور۔ مخاصمت و تنازعت اور نفس پرستی سے روکتا ہے، جیسا کہ احکام صیام میں فرمایا۔

ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ (۲ : ۱۸۷)

پھر رات تک روزہ پورا کرو۔ اور روزہ کی حالت میں عورتوں کے نزدیک نہ جاؤ اور اگر مساجد میں اعتکاف کرو تو شب کو بھی ان سے الگ رہو۔

زکوٰۃ کی ادائیگی

اُس نے زکوٰۃ بھی فرض کر دی کہ وہ بھی حج کا ایک اہم مقصد تھا۔

فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْبَائِسَ الْفَقِيرَ ۃ (۲۲ : ۲۸)

قربانی کا گوشت خود کھاؤ اور فقیروں اور محتاجوں کو بھی کھلاؤ۔

فصل

تکمیلِ حج کا اعلان عام

بدعات واختراعات کا ترک اس صدا پر تمام عرب نے لبیک کہا اور آپؐ کے گرد ۱۳۔۱۴ ہزار آدمی جمع ہو گئے۔ عرب نے ارکان حج میں بدعات و اختراعات کا جو زنگ لگا دیا تھا وہ ایک ایک کرکے چھوڑ دیا گیا۔ آباؤ اجداد کے کارناموں کی بجائے خدا کی توحید کا غلغلہ بلند کیا گیا۔

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا

(۲ : ۲۰۰)

زمانہ حج میں خدا کو اسی جوش و خروش سے یاد کرو جس طرح اپنے آباؤ اجداد کے کارناموں کا اعادہ کرتے تھے بلکہ اس سے بھی زیادہ سرگرمی کے ساتھ۔

امتیازاتِ قریش مٹا دینا قریش کے تمام امتیازات مٹا دیئے گئے اور تمام عرب کے ساتھ ان کو بھی عرفات کے ایک گوشہ میں کھڑا

لطنعها بعود فی یدہ و یقول جاء الحق و زھق الباطل - (صحیحین)

پڑھتے جاتے تھے۔ جاءَ الحقُّ وَ زَھَقَ الباطل اِنَّ الباطِلَ کانَ زَھُوقًا۔ یعنی حق اپنے مرکز پر آ گیا اور باطل نے اُس کے سامنے ٹھوکر کھائی۔ باطل پامال ہونے ہی کے قابل تھا۔

اعادہ دعوت عام

اب میدان بالکل صاف تھا راستے میں ایک کنکری بھی سنگ راہ نہیں ہو سکتی تھی۔ باپ نے گھر کو جس حال میں چھوڑا تھا، بیٹے نے اُسی حالت میں اس پر قبضہ کر لیا۔ تمام عرب نے فتح مکہ کو اسلام و کفر کا معیار صداقت قرار دیا۔ جب مکہ فتح ہوا تو لوگ جوق جوق دائرہ اسلام میں داخل ہونے لگے۔

اب وقت آ گیا تھا کہ دُنیا کو اس جدید النشئت امت مسلمہ کے قالب روحانی کا منظر عام طور پر دکھا دیا جاتا۔ اس لئے دوبارہ اسی دعوت عامہ کا اعادہ کیا گیا، جس کے ذریعہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تمام عالم میں ایک غلغلۂ عام ڈال دیا تھا۔ مگر اس قوت کا فعل میں آنا ظہور نبی اُمی پر موقوف تھا۔

وَلِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا ۝ (۳ : ۹۷)

جو لوگ مالی اور جسمانی حالت کے لحاظ سے حج کی استطاعت رکھتے ہیں ان پر اب حج فرض کر دیا گیا۔

فصل

اعلان عام و حجۃ الوداع

اسلام کا مقصد اعظم لیکن دنیا اب تک اس اجتماع عظیمہ کی حقیقت سے بے خبر تھی۔ اسلام کی ۲۳ سالہ زندگی کا مدّ و جزر تمام عرب دیکھ چکا تھا، مگر کوئی نہیں جانتا تھا کہ اسلام کی تاریخی زندگی کن نتائج پر مشتمل تھی، اور مسلمانوں کی جدّ و جہد، فدویت، ایثارِ نفس و روح کا مقصد اعظم کیا تھا؛ اب اس کی توضیح کا وقت آگیا تھا۔

حضرتِ ابراہیم کی دعا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس گھر کا سنگِ بنیاد اس دعا کو پڑھ کر رکھا تھا۔

اِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ (۲ : ۱۲۶)	جب ابراہیم نے کہا کہ خداوندا اس شہر کو امن کا شہر بنا۔ اور اس کے باشندے اگر خدا اور روز قیامت پر ایمان لائیں تو ان کو ہر قسم کے ثمرات و انعام عطا فرما۔

کے اظہار کا ایک طریقہ ہے۔ اُس کا گوشت یا خون خدا تک نہیں پہنچتا کہ اُس کے چھاپہ سے دیواروں کو رنگین کیا جائے۔ خدا کو تو صرف خالص نیتوں اور پاک وصاف دلوں کو دیکھنا ہے۔

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ (۲۲ : ۳۷)	خدا تک قربانی کے جانوروں کا گوشت و خون نہیں پہنچتا، بلکہ اُس تک صرف تمہاری پرہیزگاری پہنچتی ہے۔

یہ چھلکے اُتر گئے تو خالص مغز ہی باقی رہ گیا۔ اب وادیٔ مکہ میں خلوص کے دو قدیم و جدید منظر نمایاں ہو گئے، ایک طرف آبِ زمزم کی شفاف سطح لہریں لے رہی تھی۔ دوسری طرف ایک جدید النشأت قوم کا دریائے وحدت موجیں مار رہا تھا۔

خطبہ حجۃ الوداع

ان دماءکم واموالکم علیکم حرام کحرمۃ یومکم ھذا فی شھرکم ھذا فی بلدکم ھذا الا ان کل شیٔ من امر الجاھلیۃ تحت قدمی موضوع ودماء الجاھلیۃ موضوعۃ واول دم اضع دماءنا دم ابن ربیعۃ وذبوا الجاھلیۃ موضوع واول ربا اضع ربانا ربا عباس ابن عبدالمطلب اللھم اشھد اللھم اشھد اللھم اشھد (ابوداؤد۔ جلد ۱ ص ۲۶۔ کتاب الحج)

جس طرح تم آج کے دن کی اس مہینہ کی اس شہر مقدس میں حرمت کرتے ہو۔ اسی طرح تمہارا خون اور تمہارا مال بھی تم پر حرام ہے اچھی طرح سن لو کہ جاہلیت کی تمام بری رسموں کو آج میں اپنے دونوں قدموں سے کچل ڈالتا ہوں۔ بالخصوص زمانہ جاہلیت کے انتقام اور خون بہا لینے کی رسم تو بالکل مٹا دی جاتی ہے میں سب سے پہلے اپنے بھائی ابن ربیعہ کے خون کے انتقام سے دستبردار ہوتا ہوں جاہلیت کی سود خواری کا طریقہ بھی مٹا دیا جاتا ہے اور سب سے پہلے میں خود اپنے چچا عباس ابن عبدالمطلب کے سود کو چھوڑتا ہوں خدایا تو گواہ رہیو۔ خدایا تو گواہ رہیو۔ خدایا تو گواہ رہیو کہ میں نے تیرا پیغام تیرے بندوں تک پہونچا دیا۔

کامیابی کی آخری بشارت - اب حق پھر پھرا کر پھر اپنے اصلی مرکز پر آ گیا۔ اور باپ نے دُنیا کی ہدایت وارشاد کے لئے جس نقطہ سے

دُنیا کی حالت بوقت دُعا | جس وقت انھوں نے یہ دعا کی تھی تمام دُنیا فتنہ وفساد کا گہوارہ بن رہی تھی۔ دنیا کا امن و امان اٹھ گیا تھا۔ اطمینان وسکون کی نیند آنکھوں سے اڑ گئی تھی۔ دنیا کی عزّت و آبرو معرض خطر میں تھی۔ جان و مال کا تحفظ نا ممکن ہو گیا تھا۔ کمزور اور ضعیف لوگوں کے حقوق پامال کر دیئے گئے تھے۔ عدالت کا گھر ویران، حُرّیت انسانیہ مفقود، اور نیکی کی مظلومیت انتہائی حد تک پہنچ چکی تھی۔ کرۂ ارضی کا کوئی گوشہ ایسا نہ تھا جو ظلم و کفر کی تاریکی سے ظلمت کدہ نہ ہو۔

دُنیا سے کنارہ کشی۔ اس لئے انھوں نے آباد دُنیا کے ناپاک حصوں سے کنارہ کش ہو کر ایک وادیٔ غیر ذی زرع میں سکونت اختیار کی۔ وہاں ایک دار الامن بنایا اور تمام دنیا کو صلح وسلام کی دعوتِ عام دی۔

گم شدہ حق کی واپسی۔ اب ان کی صالح اولاد سے یہ دار الامن بھی چھین لیا گیا تھا۔ اس لئے اس کی واپسی کے لئے پورے دس سال تک اُس کے فرزند نے بھی باپ کی طرح میدان میں ڈیرہ ڈالا۔ فتح مکّہ نے جب اُس کا مأمن وملجا واپس دلا دیا، تو وہ اُس میں داخل ہوا کہ باپ کی طرح تمام دُنیا کو گم شدہ حق کی واپسی کی بشارت دے چنانچہ وہ اونٹ پر سوار ہو کر نکلا اور تمام دُنیا کو مژدۂ امن وعدالت سُنایا۔

فصل ۹

حج مختلف یادگاروں کا مجموعہ ہے

یادگار ابراہیم۔ عبادات اسلامیہ میں حج مختلف یادگاروں کا مجموعہ ہے وہ جس گھر میں ادا کیا جاتا ہے۔ خدا کے سب سے برگزیدہ بندے کے ہاتھ کی قائم ہوئی یادگار ہے۔

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (۲:- ۱۲۷)

حضرت ابراہیم اور اسمٰعیل خانہ کعبہ کی دیواریں چن رہے تھے تو اس وقت یہ دعا ان کی زبانوں پر تھی کہ خدایا ہمارے اس عمل کو قبول کر۔ تو ہی سننے والا اور جاننے والا ہے

بیت اللہ۔ بلکہ دنیا کی مذہبی یادگاروں میں سب سے قدیم یادگار یہی ہے

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ (۳:- ۹۶)

پہلا گھر جو انسان کی پرستش گاہ بنایا گیا وہی گھر ہے جو مکہ میں تمام دنیا کی برکت وہدایت کے لیے تعمیر کیا گیا۔

مقام ابراہیم:- ان بندوں نے خدا کی وحدانیت کی ایک زندہ رہنے والی یادگار قائم کی تھی۔ خدا نے بھی اُس میں اُن کی یادگار قائم کر دی۔

پہلا قدم اُٹھایا تھا، بیٹے کے روحانی سفر کی وہ آخری منزل ہوئی اور اُسی نقطہ پر پہنچ کر اسلام کی تکمیل ہوگئی، اس لئے وہ کہ اُس نے تمام دنیا کو مژدہ امن سنایا تھا، آسمانی فرشتے نے بھی اُس کو کامیابی مقصد کی سب سے آخری بشارت دیدی۔

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا (۵ : ۳)	آج کے دن میں نے تمہارے دین کو بالکل مکمل کر دیا - اور تم پر اپنے تمام احسانات پورے کر دیئے اور میں نے تمہارے لئے اسلام کو ایک برگزیدہ دین منتخب کیا۔

نوٹ

حضرت مولانا ابوالکلام آزاد نے بعض دوسرے مقامات پر مسائل حج کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے وہ مضمون کی شکل میں نہ تھا کہ اُسے بجنسہٖ اس کتاب میں شامل کر دیا جاتا۔ ہم نے حضرت ممدوح کے ایسے تمام متفرق ارشادات کے مطالب اختصار کے ساتھ جمع کر کے آئندہ فصلوں میں مرتب کر دیئے ہیں تاکہ حج کے موضوع پر ممدوح کی تحریرات کا ہر ضروری حصہ یکجا ہو جائے۔

ناشر

فصل ۱۰

اعمال واحکام اور حدود وشروط حج

احرام اور حرمت شکار۔ حج اور عمرہ کے لئے احرام باندھنے کے بعد اُس وقت شکار جائز نہیں جب تک حج یا عمرہ ادا ہو جائے اور احرام کھول دیا جائے۔

غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ۔ (۵: ۱) | جب احرام کی حالت میں ہو شکار کرنا حلال نہ سمجھو۔

احرام کی حالت میں جو شکار سے روکا گیا ہے اُسے ہلکی بات خیال نہ کرو، اس میں درحقیقت اتباع اور پیروی کی آزمائش ہے، اور جو شخص جان بوجھ کر شکار کرے گا تو اُسے بدلہ یا کفارہ دینا پڑے گا۔

یَآاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّیْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ، وَمَنْ قَتَلَہٗ مِنْکُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ یَحْکُمُ بِہٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْکُمْ ھَدْیًا بٰلِغَ الْکَعْبَۃِ اَوْ کَفَّارَۃٌ | مسلمانو! جب تم احرام کی حالت میں ہو تو شکار کے جانور ہلاک نہ کرو، اور جو کوئی تم میں سے جان بوجھ کر مار ڈالے تو چاہیئے کہ اُس کا بدلہ دے (اور بدلہ یہ ہے کہ) جیسے جانور کو مارا ہے اُسی مانند مویشیوں میں سے ایک جانور کعبہ پہونچا کر قربانی کیا جائے جسے تم میں سے دو منصف ٹھہرائیں، یا کفارہ دے اور

فِيهِ اٰيٰتٌ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ (۳ :- ۹۷) | اس گھر میں مقام ابراہیم ایک نمایاں یادگار مقدس ہے ۔

صفاو مروہ - صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا حضرت ہاجرہ کی اس سراسیمگی کا منظر تازہ کرتا ہے ، جب وہ پانی کی جستجو اور بچے کی محبت میں پریشان حال تھیں ۔

چاہ زمزم - قدرت الہٰی کی ایک کرشمہ سازی کو یاد دلاتا ہے جس نے وادی غیر ذی زرع (بنجر اور خشک زمین) میں خدا کی رحمت کے دبے ہوئے چشمے کا منہ کھول دیا تھا ۔

قربانی - قربانی حقیقت اسلامیہ کی جاں فروشی اور فدویت کے سرِ روحانی کو محسوس و ممثل دکھاتی ہے ، جس نے حضرت خلیل اور ذبیح علیہما السلام کے اندر سے ظہور کیا تھا ۔

رمی جمار - رمی جمار اُن بہیمی و ابلیسی قوتوں سے دُنیا کو روکتا ہے جو اس پاک مقصد کی تکمیل میں سنگ راہ ہو رہے تھے

خدا پرستی کی مقدس نشانیاں جو مقرر کردی گئیں ہیں اور جو آداب و رسوم مقرر ہو چکی ہیں۔ اُن کی بے حُرمتی نہیں کرنی چاہیئے، اور نہ ہی اُن مہینوں کی بے حرمتی کرنی چاہیئے، جو حرمت کے مہینے کہلاتے ہیں یعنی ذی قعدہ، ذی الحجہ۔ محرم اور رجب۔ ان چار مہینوں میں حاجیوں کی آمد و رفت رہتی ہے۔ اسی بنا پر ان میں جنگ کی ممانعت ہے۔ تاکہ حاجیوں کا جان و مال محفوظ رہے۔

اجازت جنگ:۔ لیکن اگر دشمنوں کی طرف سے اقدام جنگ ہوگا تو پھر مسلمانوں کو بھی مدافعت کرنا ہوگی۔ جیسا کہ سورہ بقر میں ہے۔

فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ

(۲: - ۱۹۴)

پس جو کوئی تم پر زیادتی کرے تو چاہئے کہ جس طرح کا معاملہ اس نے تمہارے ساتھ کیا ہے ویسا ہی معاملہ تم بھی اس کیساتھ کرو۔

اہل مکہ نے ظلم و تعدی سے حج کا دروازہ مسلمانوں پر بند کر دیا تھا۔ اور اس طرح پر جو مقام مقدس اُن کی ہدایت کا مرکز قرار پایا تھا۔ وہ اُن کی دسترس سے باہر ہو گیا تھا اور جنگ کے بغیر کوئی چارہ کار نہ رہا۔ اس لئے حکم ہوا۔

وَقَاتِلُوْا الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا (۲: - ۱۹۰)

اور دیکھو، جو لوگ تم سے جنگ کر رہے ہیں چاہئے کہ اللہ کی راہ میں تم بھی اُن سے لڑو (پیٹھ نہ دکھاؤ) البتہ کسی قسم کی ان پر زیادتی نہیں کرنا چاہیئے۔

طَعَامُ مَسٰکِیْنَ اَوْعَدْلُ ذٰلِكَ صِیَامًا لِّیَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِہٖ (۵ :- ۹۵)

کفارہ یہ ہے کہ مسکینوں کو (اس کی قیمت کے لحاظ سے) کھانا کھلائے یا پھر مسکینوں کی گنتی کے برابر روزے رکھے تاکہ اپنے کئے کی جزا و کا مزہ چکھ لے۔

البتہ حالت احرام میں دریا اور سمندر کا شکار کھایا جا سکتا ہے مثلاً وہ مچھلی جو پانی سے الگ ہو کر تیر گئی ہے، احرام کی حالت میں بھی جائز و حلال ہے

اُحِلَّ لَکُمْ صَیْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُہٗ (۵ :- ۹۶)

سمندر اور دریا کا شکار یا کھانے کی چیزیں (جو بغیر شکار ہاتھ آ جائیں) حلال ہیں۔

ممانعت جنگ - احرام کی حالت میں بیوی سے خلوت، گناہ کی بات اور لڑائی اور جھگڑے کی ممانعت ہے۔

فَمَنْ فَرَضَ فِیْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ (۲ — ۹۷)

(حج کے مہینے عام طور پر معلوم ہوتے ہیں) پس جس کسی نے ان مہینوں میں حج کرنا اپنے اوپر لازم کر لیا تو وہ حج کی حالت میں ہو گیا اور (حج کی حالت میں نہ تو عورتوں کی طرف رغبت کرنا ہے، نہ فسق کی کوئی بات کرنی ہے اور نہ لڑائی جھگڑا

لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْیَ وَلَا الْقَلَآئِدَ (۵ :- ۲)

خدا کے شعائر (خدا پرستی کی مقررہ نشانیوں اور آداب و رسوم کی) بے حرمتی نہ کرو اور ان مہینوں کی بے حرمتی کرو جو حرمت کے مہینے ہیں اور نہ حج کی قربانی کی، نہ اُن جانوروں کی جن کی گردنوں میں بطور علامت کے پٹے ڈال دیتے ہیں اور کعبہ پر چڑھانے کیلئے دُور دُور سے لائے جاتے ہیں۔

مسلمانوں کا دستور العمل یہ ہونا چاہیئے کہ نیک کام میں تعاون اور بُرائی سے احتراز کرو جو لوگ دوسروں پر ظلم و تعدی کریں تو یہ بُرائی ہے اس میں شامل نہ ہو لیکن جو لوگ حج و زیارت کے لئے جاتے ہیں تو یہ یقیناً بھلائی کی بات ہے، اس میں کوئی روکاوٹ پیدا نہ کرو۔

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ (۵ : ۲)	پرہیزگاری کی بات میں ایک دوسرے کی مدد کرو گناہ اور ظلم کی بات میں تعاون نہ کرو۔

اس آیت میں جو قاعدہ بتایا گیا ہے وہ مسلمانوں کے تمام کاموں کے لئے ایک دستور العمل ہے نیز اس سے معلوم ہو گیا کہ بت پرست بھی اگر خدا کی تعظیم و عبادت کریں تو اس کی بیحرمتی نہیں کرنی چاہیئے۔

کاروبار تجارت - حج ایک عبادت ہے، لیکن اس کا عبادت ہونا، دینوی کاروبار سے فائدہ اُٹھانے میں مانع نہیں۔ مال و دولت اللہ کا فضل ہے وہ اور اس کی تلاش و جستجو کی بجا آوری میں رکاوٹ نہیں پیدا کرتی۔ البتہ ایسا نہیں کرنا چاہیئے کہ کاروبار دینوی کا اس قدر انہماک ہو جائے کہ حج کے اوقات و اعمال سے لاپرواہ ہو جاؤ۔

البتہ نہ تو قربانی اور نیاز کے جانوروں کو لوٹنا چاہیے جو دور دور سے مکہ میں لائے جاتے ہیں، نہ حاجیوں اور تاجروں کو نقصان پہونچانا چاہیے۔ جو خدا کی عبادت کی خاطر یا کاروبار تجارت کی غرض سے قصد کرتے ہیں، کسی مقدس مقام کی طرف جانے والوں کو نقصان پہنچانا درحقیقت اس مقام کی توہین کے مترادف ہے۔

وَلَآ آمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا - (۵ : ۲)

نیز اُن لوگوں کی بھی بے حرمتی نہ کرو (یعنی اُن کی راہ میں رکاوٹ نہ ڈالو اور انہیں کسی طرح کا نقصان نہ پہنچاؤ) جو بیت الحرام یعنی کعبہ کا قصد کرکے آئے ہیں اور اپنے پروردگار کا فضل اور اس کی خوشنودی کے طالب ہیں۔

مسلمانوں کا عام دستور۔ مشرکین مکہ نے مسجد حرام سے مسلمانوں کو روکا تھا تو اب مسلمانوں کو حکم دیا جاتا ہے کہ جوش انتقام میں تم بھی ایسا نہ کرو کہ جو لوگ حج و زیارت کے لیے جا رہے ہوں انہیں روک دو یا اُن پر حملہ کر دو۔

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا - (۵ : ۲)

اور دیکھو، ایسا نہ ہو کہ ایک گروہ کی دشمنی تمہیں اس بات پر اُبھار دے کہ زیادتی کرنے لگو، کیونکہ انھوں نے مسجد حرام سے تمہیں روک دیا تھا۔

لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ (۲: ۱۸۹) | ہے اور اس سے حج کے مہینے کا بھی تعین ہوتا ہے

لوگوں میں بعض بے بنیاد توہم پرستیاں پھیلی ہوئی ہیں اُن میں سے بعض کواکب پرستی کی پیداوار ہیں اور بعض ستارہ پرستی اور نجوم کے عقائد کے برگ و بار اور اس کی بنا پر لوگوں نے طرح طرح کی رسمیں اختیار کرلی ہیں جن کی کوئی اصلیت نہیں۔ جیسا کہ عربوں کی جاہلیت میں رسم تھی کہ جب حج کے مہینہ کا چاند دیکھ لیتے تو احرام باندھ لیتے اور گھروں کو نہ آتے۔ اگر گھروں میں آنے کی ضرورت ہوتی تو گھروں کے دروازے سے نہ آتے، پچھواڑی پھاند کر داخل ہوتے۔

وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ ظُهُورِهَا (۲: ۱۸۹) | یہ کوئی نیکی کی بات نہیں کہ اپنے گھروں (دروازہ چھوڑ کر) پچھواڑے سے داخل ہوا۔

مقدس زیارت گاہوں اور تیرتھوں پر جانے کے لئے لوگوں نے طرح طرح کی پابندیاں عائد کرلی ہیں اجر و ثواب حاصل کرنے کی غرض سے اپنے آپ کو تکلیفوں اور مشقتوں میں ڈال لیتے ہیں۔ لیکن یہ سب گمراہی کی باتیں ہیں۔ نیکی کی اصلی راہ یہی ہے کہ اپنے اندر تقویٰ کی روح پیدا کیجائے

وَلَكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَىٰ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (۲: ۱۸۹) | نیکی تو دراصل اس شخص کیلئے ہے جو اپنے اندر تقویٰ پیدا کرے۔ پس (ان وہم پرستیوں میں مبتلا نہ ہو) گھروں میں آؤ تو دروازہ ہی کی راہ آؤ (پچھواڑی سے راہ نکالنے کی مصیبت میں کیوں پڑو) اللہ کی نافرمانی سے بچو، تاکہ کامیاب ہو!

لَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّکُمْ (۲-۱۹۸)

اور دیکھو اس بات میں تمہارے لئے کوئی گناہ کی بات نہیں اگر (اعمال حج کیساتھ) تم اپنے پروردگار کے فضل کی تلاش میں رہو (یعنی کاروبار تجارت کا بھی مشغلہ رکھو)

دین و دنیا کے معاملہ میں لوگوں کی عالم گیر گمراہی یہی رہی ہے کہ یا تو افراط میں پڑ گئے یا تفریط میں، اور راہِ اعتدال گم ہو کر رہ گئی دنیا کا حد سے زیادہ انہماک بھی نہ ہو کہ آخرت سے یک قلم بے پروا ہو جاؤ اور نہ ہی آخرت کے استغراق میں اس قدر فنا ہو جاؤ کہ ترک دنیا اور رہبانیت کا دم بھرنے لگو۔

لیکن دینِ حق کی راہ انسان کے عمل حیات کی طرح اعتدال اور توسط کی راہ ہے اور صحیح زندگی اُسی کی زندگی ہے جو کہتا ہے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً (۲ : ۲۰۱)

پروردگار ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی دے

ازالۂ وہم پرستی - چاند کے طلوع و غروب اور اس کے گھٹنے اور بڑھنے سے مہینوں کا حساب رکھا جاتا ہے اور موسم کا تعین بھی اسی سے محسوب ہوتا ہے

یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ

اے پیغمبر! لوگ تم سے مہینوں کی چاند راتوں کی نسبت دریافت کرتے ہیں ان سے کہدو - یہ انسان کے لئے وقت کا حساب

مصالح قیام کعبہ (۱) اللہ تعالیٰ نے خانۂ کعبہ کو لوگوں کے لئے قیام امن اور اجتماع و گرد آواری کا ذریعہ بنایا ہے۔ خدا کے علم میں بے شمار حکمتیں اور مصلحتیں ہیں، جن کا حصول قیام کعبہ پر منحصر ہے اس لئے دوران حج میں کعبہ اور اُس کے شعائر کی حرمت قائم رکھی جائے اور اس کے اعمال صحیح طور پر قائم رکھنے چاہئیں، تاکہ حج کی بجا آوری میں کسی قسم کا فتور نہ آنے پائے۔

جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَائِدَ (۵-۹۷)	اللہ تعالیٰ نے کعبہ کو حرمت کا گھر بنایا ہے لوگوں کے لئے (امن و جمعیت کے) قیام کا ذریعہ ٹھہرایا ہے نیز حرمت کے مہینوں کو اور حج کی قربانی کے جانوروں کو جن کی گردنوں میں (علامت کیلئے) پٹے ڈال دیتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ کعبہ کی اور کعبہ کے اُن تمام رسوم و آداب کی حرمت قائم رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ أَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (۵: ۹۷)	یہ اس لئے کیا گیا کہ تم جان لو آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ سب کا حال جانتا ہے اور وہ ہر بات کا علم رکھنے والا ہے۔

عالم گیر سچائی (۲) معبد کعبہ کی تعمیر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دُعا کا ذکر قرآن میں اس غرض سے کیا گیا ہے کہ اقوام عالم کی ہدایت کے

میدانِ عرفات کی شرط - اعمال حج سے ایک میدان عرفات میں جانا، مقیم ہونا، اور پھر اتمام حج کے بعد وہاں سے لوٹ کر آنا، بلا امتیاز ضروری ہے۔ لیکن باشندگان مکہ معظمہ نے یہ طریقہ اختیار کر رکھا تھا کہ حدِ احرام تک جا کر لوٹ آتے اور خیال کرتے کہ ہم تو اسی مقام کے باشندے ہیں، ہمارے لئے حدود حرم سے باہر جانا کوئی ضروری نہیں۔ اصل وجہ یہ تھی کہ اُن میں باشندگان مکہ ہونے کا غرورِ باطل سمایا ہوا تھا، اور اپنے آپ کو مقدس جانتے تھے۔ نیز دنیوی کاروبار کے انہماک کی وجہ سے اعمال حج میں مشغولیت شاق گزرتی تھی۔ وہ چاہتے تھے کہ حاجی لوگ حج میں مشغول رہیں اور وہ تجارت کا فائدہ اُٹھائیں۔

ثُمَّ اَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ (۲: ۱۹۹)

پھر (یہ بات بھی ضروری ہے کہ) جس جگہ (تک جاکر) دوسرے لوگ انبوہ در انبوہ لوٹتے ہیں تم (اہل مکہ) بھی وہیں سے لوٹو اور اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرو۔

یعنی ایسا نہ کرو، جیسا کہ جاہلیت کے ایام میں کیا کرتے تھے کہ صرف حدودِ حرم تک جا کر لوٹ آیا کرتے تھے، باہر کے حاجیوں کی طرح عرفات تک نہ جایا کرتے تھے۔

ایک دائمی مرکز و سرچشمہ کی بھی اشد ضرورت تھی - قدرتی طور پر ایسا مرکز سوائے کعبہ کے اور کوئی نہیں ہو سکتا تھا - اس لئے تحویل قبلہ نے اسکی مرکزیت کا اعلان کر دیا -

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (۲: ۱۴۴)	چاہیئے کہ تم اپنا رُخ مسجد حرام (یعنی خانہ کعبہ) کی طرف پھیر لو -

قبلہ کے تقرر میں بھی یہی حقیقت پوشیدہ تھی - جب تک بنی اسرائیل کا دور ہدایت قائم رہا، مرکز ہدایت بیت المقدس تھا، عبادت کے وقت بھی اُسی کی طرف رُخ رہتا تھا، لیکن جب دعوت حق کا مرکز مکہ کا معبد قرار پاگیا تو ضروری ہوا کہ وہی قبلہ بھی قرار پاجائے اور اقوام عالم کے رخ بھی اسی طرف پھر جائیں -

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ (۲: ۱۴۴)	جہاں کہیں بھی تم اور تمہارے ساتھی ہوں، ضروری ہے کہ (نمازمیں) اسی طرف کو پھر جایا کرو - (یعنی خانہ کعبہ کی طرف)

بنیادی اغراض و مقاصد کعبہ - جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عبادت گاہ مکہ کی بنیاد رکھی تھی تو ان کے پیش نظر اس کے کیا کیا اغراض و مقاصد تھے، اور پھر وحی الہٰی نے کس راستہ پر گامزن ہونے کی تلقین کی -

لئے پیروان دعوت قرآنی کو چن لیا گیا ہے۔ اس لئے ضروری تھا کہ پہلے دعوت قرآن کے ظہور کی معنوی تاریخ بیان کر دی جاتی۔ حضرت ابراہیمؑ نے دین کی جو راہ اختیار کی تھی، وہ صرف خدا پر ایمان لانے اور اس کے "قانون سعادت کی فرمانبرداری کرنے کی فطری اور عالمگیر سچائی تھی۔ قرآن بھی یہی دعوت دیتا ہے یہی دین الہٰی ہے اور اسی لئے دین الہٰی کو "الاسلام" سے تعبیر کیا گیا۔ جس کے معنی اطاعت و گردن نہادن کے ہیں۔ یعنی ہر طرح کی نسبتوں سے کنارہ کش ہو کر صرف ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ سے روگردانی اختیار کر سکتا ہے؟

نیک ترین امت اور مرکز ہدایت۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اقوام عالم کی امامت اور پیشوائیت کے لئے چن لیا گیا تھا انھوں نے مکہ میں عبادت گاہ تعمیر کی اور امت مسلمہ کے ظہور کے لئے الہامی دعا مانگی، مشیئت الٰہی میں اس امت کے ظہور کا ایک خاص وقت متعین تھا۔ جب وہ وقت آ گیا تو پیغمبر اسلام کا ظہور ہوا۔ اور ان کی تعلیم و تزکیہ سے موعودہ امت پیدا ہو گئی۔

اس امت کو نیک ترین امت ہونے کا نصب العین عطا کیا گیا اور اقوام عالم کی تعلیم و ہدایت کی دائمی تفویض ان کے ہاتھ میں دے دی۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی روحانی ہدایت کے

۴ - جو لوگ اس موقع پر جمع ہوں وہ خدا کے نام پر جانوروں کی قربانیاں کریں اور محتاجوں کے لئے غذا کا سروسامان بہم پہنچائیں.

کعبۃ اللہ دنیا بھر کے مسلمانوں کی مشترکہ عبادت گاہ ہے

یہ عبادت گاہ صرف قریش مکہ کے لئے نہ بنائی گئی تھی، اور نہ ہی اُن کا یہ حق تھا کہ اُس کے مالک بن بیٹھیں۔ جسے چاہیں آنے دیں. جسے چاہیں روک دیں۔ بلکہ بلا امتیاز یہ سب کے لئے بنی۔ خواہ وہ مکہ کے رہنے والے ہوں خواہ دوسرے ملکوں کے باشندے۔

یہ اسی بات کا نتیجہ ہے کہ لوگ دُور دُور سے آنے لگے، اپنے ساتھ قربانی کے جانور لانے لگے۔ خصوصاً قربانی کے اونٹ، جو صحرا وجبال طے کر کے حرم کعبہ میں پہنچائے جاتے ہیں اور لوگ انہیں اس معبد کی نشانیوں میں سے ایک بڑی نشانی متصور کرتے ہیں۔ اب اگر قریش مکہ کا یہ اختیار تسلیم کر لیا جاتا کہ جسے چاہیں آنے دیں اور جسے چاہیں روک دیں، تو پھر نہ کعبہ، کعبہ رہا اور نہ حج، حج۔

حقیقت قربانی:- قربانی کی حقیقت یہ ہے کہ اس کا گوشت خود بھی کھاؤ اور محتاجوں کو بھی کھلاؤ۔

فَكُلُوا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ الْمُعْتَرَّ (۲۲ - ۳۶)	اُس کے گوشت میں سے خود بھی کھاؤ اور زائروں کو بھی کھلاؤ۔

قربانی سے مقصود جانور ذبح کر کے خون بہانا نہیں ہے جیسا کہ

وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ

(۲۲ :- ۲۶)

اور وہ وقت یاد کرو (جب ہم نے ابراہیم کے لئے خانہ کعبہ کی جگہ مقرر کردی (اور حکم دیا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو اور میرا یہ گھر اُن لوگوں کے لئے پاک رکھ جو طواف کرنے والے ہوں، عبادت میں سرگرم رہنے والے ہوں رکوع وسجود میں جھکنے والے ہوں۔

اور پھر جب فرضیتِ حج کا اعلان عام کیا گیا تو اُس کے بنیادی اعمال و مقاصد کیا کیا تھے اور پھر وحی الٰہی نے کس طرح ان کی رہ نمائی فرمائی تھی۔

وَاَذِّنْ فِى النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ

(۲۲ :- ۲۷)

اور حکم دیا تھا کہ لوگوں میں حج کا اعلان پکار دے۔ لوگ تیرے پاس دُنیا کی تمام دور دراز راہوں سے آیا کریں گے، پاپیادہ اور ہر طرح کی سواریوں پر جو مشقت سفر سے تھکی ماندی ہونگی

خلاصہ مطلب۔ ان سب باتوں کا خلاصہ مطلب یہ ہے۔

۱۔ توحید الٰہی کا عقیدہ لوگوں میں پیدا کیا جائے۔

۲۔ عبادت گزاران حق کے لئے معبد کی تطہیر کی جائے۔

۳۔ اجتماع حج کا اہتمام کیا جائے۔ تاکہ اُس کے گوناگوں منافع و فوائد سے لوگ مستفید و شادکام ہوں۔ اور مقررہ ایام میں ذکر الٰہی کا ولولہ بلند ہوتا ہے۔

بعض لوگ خیال کرتے ہیں حقیقت میں اس کا مقصد لوگوں کیلئے سامانِ غذا مہیا کرنا ہے اور یہی وجہ ہے کہ قرآن میں اس بات کو صاف صاف بیان فرما دیا گیا ہے۔

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ (۲۲-۳۷)

یاد رکھو اللہ تک ان قربانیوں کا نہ تو گوشت پہونچتا ہے نہ خون۔ اس کے حضور جو کچھ پہونچتا ہے وہ صرف تمہارا تقوی ہے۔

یعنی محض تمہارے دل کی نیکی ہے جو مقبول بارگاہِ الٰہی ہے اور یہ جو بُت پرست اقوام میں قربانی کی رسم اس طرح چلی آتی ہے کہ خیال کیا جاتا ہے کہ انسانوں کی طرح دیوتاؤں کو بھی چڑھاووں کی ضرورت ہے اور جانوروں کا خون بہانا، اُن کے غضب و قہر کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ قرآن کہتا ہے کہ نہ تو چڑھاوا ہی خدا تک پہنچ سکتا ہے اور نہ ہی وہ خون بہانے کا شائق ہے وہ طہارتِ قلبی کو پسند فرماتا ہے۔ فقط

ابو الکلام